Rg.No. 1546653-9

ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار

ہفت روزہ

www.layalpurpost.com

لائلپور پوسٹ

چیف ایڈیٹر پبلشر منیر احمد ڈار

ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار

جلد نمبر 2 | منگل 7 اکتوبر 2025ء، 13 ربیع الثانی 1447ھ، 22 اسوج 2081 ب م | شمارہ نمبر 50

شرجیل میمن کا چیلنج قبول، جنوبی پنجاب بھی سندھ سے ترقی یافتہ ہے، عظمیٰ بخاری

جگہ، وقت آپکی پسند کا ہوگا لیکن خود آیئے گا کسی پر اکسی کے پیچھے مت چھپیے گا، آپ ابھی تک 2022 کا سیلاب بیچ رہے ہیں، پنجاب کے سیلاب متاثرین پر گندی سیاست کا آپ کا بیانیہ ناکام

اب وزیراعظم کیخلاف پھسپے کٹینوں والا بیانیہ لے آئے ہیں، پنجاب میں جہاں سروے ہوگئے وہاں چیک ملنے شروع ہوگئے ہیں، کبھی پنجاب سے نفرت، تعصب کی عینک اتار کر دیکھ لیجیے، پریس کانفرنس

پاکستان کی حالیہ سفارتی کامیابیاں، مستقبل کی امیدیں اور دفاعی حکمت عملی کے عنوان سے مباحثے کے موقع پر صدر علی خان سابق مشیر قومی سلامتی جنرل (ر) ناصر خان جنجوعہ کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن کا چیلنج قبول کرتے ہوئے کہا ہے کہ جگہ اور وقت آپ کی پسند کا ہوگا لیکن خود آیئے گا کسی پر اکسی کے پیچھے مت چھپیے گا، پنجاب کے سیلاب متاثرین پر گندی سیاست کا آپ کا بیانیہ ناکام ہوگیا ہے، اب وزیراعظم کے خلاف پھسپے کٹینوں والا بیانیہ لے آئے ہیں، آپ کو پنجاب کے سیلاب متاثرین پر سیاست (بقیہ نمبر 1)

سابق سینیٹر مشتاق احمد محفوظ اور خیریت سے ہیں، دفتر خارجہ

اپنے شہریوں کی محفوظ اور فوری واپسی کیلئے بھرپور سفارتی کوششیں کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خارجہ نے تصدیق کی ہے کہ صومو فلوٹیلا میں شریک پاکستانی شہری ہیں، جن میں سابق سینیٹر مشتاق احمد بھی شامل ہیں، اس وقت اسرائیلی قابض افواج کی تحویل میں ہیں۔ ترجمان دفترِ خارجہ کے مطابق حکومت پاکستان اپنے شہریوں کی محفوظ اور فوری واپسی کے لیے بھرپور سفارتی کوششیں کر رہی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے اپنے بیان میں کہا کہ سابق سینیٹر مشتاق احمد محفوظ اور خیریت سے ہیں، ان (بقیہ نمبر 2)

پیپلز پارٹی نے سیلاب پر کوئی سیاست نہیں کی، گورنر پنجاب

جمہوریت میں سب کو مل کر آگے چلنا ہوتا ہے، کوئی بھی چیز حرف آخر نہیں ہوتی اور سب کی مشاورت سے بہتری ہوتی ہے

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سلیم حیدر نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے سیلاب پر کوئی سیاست نہیں کی بلکہ بلاول بھٹو زرداری نے تو پنجاب کے سیلاب زدہ علاقوں کے دورے پر وزیراعلیٰ مریم نواز کی تعریف کی، (بقیہ نمبر 5)

محکمہ لائیوسٹاک سندھ نے اپنا سسٹم آن لائن منتقل کر دیا

کوئی بھی ضلع جو روزانہ کی بنیاد پر اپنی اپ ڈیٹس نہیں بھیجتا، وہ ضلعی عملہ اور افسران کو غیر حاضر تصور کیا جائے گا

کراچی (این این آئی) صوبائی محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ فشریز متحرک۔ ہیڈ آفس میں جی پی ایس لوکیشن آن لائن سسٹم کو اپ ڈیٹ کرنے کے بعد صوبے کے مویشی مالکان کے ساتھ ساتھ پولٹری فارمرز اب اپنے جانوروں اور (بقیہ نمبر 4)

اساتذہ کی عزت و توقیر کو یقینی بنانا قوم کی اجتماعی ذمہ داری ہے

مشکل حالات کے باوجود علم کی شمع جلانے والے اساتذہ قوم کا سرمایہ ہیں، صدر، وزیراعظم کا عالمی یوم اساتذہ پر پیغام

اسلام آباد (اے ایف پی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اساتذہ کی عزت و توقیر کو یقینی بنانا قوم کی اجتماعی ذمہ داری ہے، مشکل حالات کے باوجود علم کی شمع جلانے والے اساتذہ قوم کا (بقیہ نمبر 3)

کوالالمپور: وزیراعظم محمد شہباز شریف کا ملائیشیا کے وزیراعظم H.E. انوار ابراہیم سرکاری دورے پر ملائیشیا پہنچ رہے ہیں

بیوی، بچیوں اور ساس پر تیزاب پھینکنے والا شخص ہاتھوں مارا گیا

لیاقت پور (این این آئی) پنجاب کے ضلع رحیم یار خان کے شہر لیاقت پور میں ایک شخص پنجاب پولیس کے ہاتھوں مبینہ مقابلے میں ہلاک ہوگیا ہے، پولیس کے مطابق اس (بقیہ نمبر 7)

سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی ویکسی نیشن جاری رکھنے کا فیصلہ

ایچ پی وی ویکسین ای پی آئی کے زیر انتظام فکسڈ سینٹرز پر دستیاب ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی ویکسینیشن جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سروائیکل کینسر ویکسین فکسڈ ویکسینیشن سینٹرز پر چار کر لگوائی جا سکے گی، ایچ پی وی ویکسین ای پی آئی کے زیر انتظام فکسڈ سینٹرز پر دستیاب (بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ کا آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات پر اظہار برہمی

آوارہ کتوں کے کاٹنے سے شہریوں بالخصوص بچوں کا زخمی ہونا قطعاً ناقابل برداشت ہے، مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ کی زیر صدارت 3 گھنٹے طویل ویڈیو لنک اجلاس میں کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کیلئے مقرر کردہ ''کی پروفارمنس انڈیکیٹرز'' کا جائزہ

کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کے ''کے پی آئیز'' میں الیکٹرو بس پراجیکٹ کی دیکھ بھال، مسافروں کی سہولت، ڈسپلن اور فلڈ سروے کی شفاف شامل

پنجاب بھر میں میسر سرکاری زرعی اراضی پر گندم کی کاشت کرانے کی ہدایت، گندم کا بہترین بیج فراہم کیا جائے

وزیراعلیٰ مریم نواز کی روٹی کے سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت، صفائی میں کوتاہی کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو شاباش

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات پر اظہار برہمی کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ آوارہ کتوں کے کاٹنے سے شہریوں اور بچوں کا زخمی ہونا ناقابل برداشت ہے، یہ واقعات بار بار کیوں رونما ہو رہے ہیں توجہ دی جائے۔ اتوار کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت 3 گھنٹے طویل ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے لئے مقرر کردہ ''کی پروفارمنس انڈیکیٹرز'' کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے ''کے پی آئیز'' میں الیکٹرو بس (بقیہ نمبر 1 2)

لاہور: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی بینڈ کا لجز ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اس بار بھارت اپنے طیاروں کے ملبے میں دفن ہوگا، وزیر دفاع

بھارتی فوجی اپنی خاک میں ملی ساکھ کو بحال کرنے کی ناکام کوشش ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ہمارے محافظ اللہ کے سپاہی ہیں، پاکستان اللہ کے نام پہ بنی ریاست ہے، اس بار بھارت انشاء اللہ (بقیہ نمبر 2 3)

وزیراعلیٰ کا اساتذہ کرام کو خراج تحسین، معلم اعظم حضرت محمد ﷺ پر کروڑوں درود و سلام

استاد کی عظمت کا اعتراف کرنے کے لئے ایک دن ناکافی ہے، استاد کی عظمت لازوال اور بے مثال ہے، مریم نواز شریف

پوزیشن ہولڈرز کے ساتھ ساتھ ان کے قابل احترام اساتذہ کو بھی اعتراف عظمت کے طور پر انعامات پیش کئے گئے

اچھا استاد ہی معاشرے میں مثبت تبدیلی کی بنیاد رکھ سکتا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ٹیچرز ڈے پر خصوصی پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹیچرز ڈے پر اپنے خصوصی پیغام میں اساتذہ کرام کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ معلم اعظم حضرت محمدؐ پر کروڑوں درود و سلام پیش کرتے ہیں۔ استاد کی عظمت کا اعتراف کرنے کے لئے ایک دن ناکافی ہے۔ استاد کی عظمت لازوال اور بے مثال ہے۔ اساتذہ کرام معاشرے کا سب سے معتبر اور قابل احترام (بقیہ نمبر 8)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نیشنل کبڈی چیمپئن شپ کا فائنل جیتنے والی ٹیم کے کپتان کو انعامی رقم کا چیک دے رہے ہیں

چین اور پاکستان کے درمیان 11 تعلیمی معاہدوں پر دستخط

چھنگ ڈو (این این آئی) چین اور پاکستان کے درمیان تعلیمی شعبے میں تعاون کو فروغ دینے کیلئے 11 معاہدوں پر دستخط ہو گے، یہ معاہدے ''چین۔ پاکستان کانفرنس برائے جدید زراعت اور صنعت و تعلیم کے انضمام'' کے دوران طے پائے۔ گوادر پرو کے مطابق یہ تقریب شینڈونگ صوبے کے (بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم شہباز شریف دو روزہ دورہ پر ملائیشیاء پہنچ گئے

شہباز شریف اپنے ملائیشین ہم منصب انور ابراہیم سے ملاقات، وفود کی سطح پر بھی بات چیت ہوگی

وزیراعظم کے دورے میں مختلف شعبوں میں تعاون کے معاہدوں، مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی ہوں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف ملائیشیاء کے دو روزہ سرکاری دورہ پر لاہور سے کوالالمپور روانہ ہوئے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔ وزیراعظم پاکستان، ملائیشیاء کے وزیراعظم انور ابراہیم کی دعوت پر ملائیشیاء کا دورہ کر رہے ہیں وزیراعظم اپنے (بقیہ نمبر 10)

اعظم شہباز شریف دو روزہ سرکاری دورے پر ملائیشیاء روانہ ہو رہے ہیں۔

ڈالر مہنگا کرنے سے برآمدات میں اضافہ نہیں ہوا، گوہر اعجاز

لاہور (این این آئی) سابق نگراں وفاقی وزیر گوہر اعجاز نے ماضی میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قیمت بڑھا دینے کی پالیسی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈالر مہنگا کرنے سے برآمدات میں کوئی اضافہ نہیں ہوا، اصل رکاوٹ پالیسی ساز ہیں، پاکستان (بقیہ نمبر 11)

گرین ٹاؤن، بھائی نے بہن کو گولی ماردی، حنا پرویز بٹ کا نوٹس

لاہور (این این آئی) گرین ٹاؤن میں بھائی نے بہن کو گولی ماردی جسے شدید زخمی حالت میں جناح ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے اقدام قتل کے تحت مقدمہ درج کر لیا لیکن تاحال ملزم محمد عدیل کی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی۔ وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 12)

وزیراعظم سے ورلڈ ریکارڈ ہولڈر ماہ نور چیمہ کی ملاقات

ماہ نور چیمہ ملک و قوم کا قیمتی اثاثہ اور نوجوان نسل کیلئے مشعلِ راہ ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ورلڈ ریکارڈ ہولڈر ماہ نور چیمہ نے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے گزشتہ ہفتے دورہ لندن کے دوران تعلیمی میدان میں ورلڈ ریکارڈ ہولڈر پاکستانی نژاد طالبہ ماہ نور چیمہ سے ملاقات کی۔ وزیراعظم شہباز (بقیہ نمبر 13)

گلگت عالم دین اور ہائیکورٹ کے جج کی گاڑیوں پر فائرنگ، 5 افراد زخمی

کسی کو علاقے کے امن سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور دہشت گردوں کو کچل دیا جائے گا، صوبائی وزیر داخلہ

فائرنگ کے واقعات کے بعد گلگت شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا، شہر کی تمام مارکیٹیں اور دوکانیں بند، سڑکیں سنسان اور ویران

گلگت (این این آئی) گلگت میں نامعلوم دہشت گردوں نے دو علیحدہ واقعات میں ممتاز عالم دین اور ہائی کورٹ کے جج کی گاڑیوں پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر داخلہ گلگت بلتستان شمس لون نے بتایا کہ پولیس ہیڈ کوارٹر کے سامنے نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے ممتاز عالم دین مولانا قاضی نثار احمد سمیت ان کے ڈرائیور اور گارڈ کے (بقیہ نمبر 14)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین محکمانہ امور بارے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

راولپنڈی کی سب سے بڑی اور تاریخی سڑک مری روڈ کی ری وپیمنگ، اپ گریڈیشن مکمل، بے ہنگم، خستہ حال مری روڈ کو گرین کوریڈور میں تبدیل

شہر کو بہترین سہولیات کی مثال بنانے کی مریم نواز

سکستھ روڈ پر پل کے نیچے شہریوں خاص طور پر نوجوانوں کے لئے خوبصورت ٹینس کورٹ بھی بنا دیا گیا، سکستھ اور سیونتھ روڈ پر شہریوں کے بیٹھنے کیلئے خوبصورت انتظار گاہیں بھی بنا دی گئیں

چاندنی چوک پر خوبصورت کلاک ٹاور کی اپ گریڈیشن بھی مکمل، گرد و غبار سے پاک، پودوں اور پھولوں سے آراستہ مری روڈ شہریوں کے لیے خوشگوار حیرت کا باعث بن گئی

خوبصورت دل رکھنے والے راولپنڈی کے شہریوں کو مری روڈ کو خوبصورت اور سرسبز بنا کر ایک تحفہ دیا، پنجاب کے ہر شہر کو جدید، صاف ستھرا، سرسبز اور بہترین سہولیات کی مثال بنا کر رہوں گی، مریم نواز شریف

راولپنڈی (این ای این) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر راولپنڈی مری روڈ کو سرسبز اور خوبصورت بنا دیا گیا ہے۔ راولپنڈی کی سب سے بڑی اور تاریخی سڑک مری روڈ کی ری وپیمنگ اور اپ گریڈیشن مکمل کر لی گئی ہے۔ بے ہنگم اور خستہ حال مری (بقیہ نمبر 15)

کراچی: مرکزی مسلم لیگ کے جوائنٹ سیکرٹری خالد نیک ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے مرکز بہادر آباد میں ملاقات کر رہے ہیں

ویمن مائیکرو انٹرپرینیور شپ ایکسپو 2025 کا انعقاد

یہ ایکسپو خواتین مائیکرو انٹرپرینیورز کے لیے ایک متحرک پلیٹ فارم ثابت ہوا، جہاں انہوں نے اپنے مصنوعات کی نمائش کی

گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے خواتین کے اسٹالز کا دورہ کیا، ان سے گفتگو کی اور ان کے ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے تجربات سنے

اسلام آباد (بیورو چیف) شراکت فاؤنڈیشن (جسے پہلے شراکت پارٹنرشپ فار ڈیولپمنٹ کے نام سے جانا جاتا تھا) نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تعاون سے ویمن مائیکرو انٹرپرینیورشپ ایکسپو 2025 کا کامیاب انعقاد اسٹیٹ بینک کے اسلام آباد ہیڈ آفس میں کیا۔ یہ ایکسپو خواتین مائیکرو انٹرپرینیورز کے لیے ایک متحرک پلیٹ فارم ثابت ہوا، جہاں انہوں نے اپنے مصنوعات کی نمائش کی، اپنی کاروباری جدوجہد کے سفر کو شیئر کیا اور براہ راست اہم اسٹیک ہولڈرز سے ملاقات کر کے مارکیٹ لنکیج اور نیٹ (بقیہ نمبر 16)

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تعاون سے ویمن مائیکرو انٹرپرینیورشپ ایکسپو 2025 کا کامیاب انعقاد کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

پاکستان میں 3 سپر مون میں سے پہلا منگل کو نظر آئے گا، سپارکو

اسلام آباد (این این آئی) اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیر ریسرچ کمیشن (سپارکو) نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کے آسمان پر منگل 7 اکتوبر کی شب شاندار سپر مون کا نظارہ کیا جا سکے گا، جو 2025 کے دوران نظر آنے والے تین سپر مون میں پہلا ہوگا۔ سپر مون اس وقت وقوع پذیر ہوتا ہے جب (بقیہ نمبر 22)

دھواں خارج کرنے والی گاڑیوں کیخلاف سخت کریک ڈاؤن کا اعلان

17 نومبر سے اسلام آباد میں میں دھواں خارج کرنے والی کارروائی کی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (پاک ای پی اے) اسلام آباد نے اعلان کیا ہے کہ وہ 17 نومبر سے وفاقی دارالحکومت میں تمام اقسام کی دھواں خارج کرنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن شروع (بقیہ نمبر 17)

''ہیرو ایوارڈ'' اساتذہ کی خدمت میں ایک چھوٹا سا تحفہ ہے

اساتذہ میں ''ہیرو ایوارڈز''، کیش پرائز تقسیم کئے، اپنے اساتذہ سے ٹیلیفونک رابطہ

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے لاہور اور قصور میں یوم اساتذہ کی مناسبت سے منعقدہ تقاریب میں شرکت کی جہاں انہوں نے اساتذہ میں ''ہیرو ایوارڈز'' اور کیش پرائز تقسیم کئے اور ان کی کارکردگی کی تعریف کی۔ وزیر تعلیم نے یوم اساتذہ (بقیہ نمبر 18)

حیدرآباد سکھر سے کراچی جانے والی کوئلے کی مال گاڑی حیدرآباد ریلوے اسٹیشن کے قریب پٹڑی سے اتری ہوئی ہے

وزیراعلیٰ راولپنڈی کیلئے جدید الیکٹرک بس سروس کا افتتاح کریں گی، حنیف عباسی

جہاں وہ شہریوں کے لیے جدید الیکٹرک بس سروس کا افتتاح کریں گی۔ یہ منصوبہ شہر میں پائیدار اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ نظام کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے جس سے شہریوں، خصوصاً خواتین، طلبہ اور ملازمین کو آرام دہ اور محفوظ سفری سہولیات میسر آئیں گی

راولپنڈی (اے پی پی): وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف رواں ماہ راولپنڈی کا دورہ کریں گی جہاں وہ شہریوں کے لیے جدید الیکٹرک بس سروس کا افتتاح کریں گی۔ یہ منصوبہ شہر میں پائیدار اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ نظام کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے جس سے شہریوں، خصوصاً خواتین، طلبہ اور ملازمین کو آرام دہ اور محفوظ سفری (بقیہ نمبر 24)

اگلے سال رمضان المبارک 19 فروری سے شروع ہوگا، ماہر فلکیات

آغاز پر روزے کا دورانیہ تقریباً 12 گھنٹے 46 منٹ، 13 گھنٹے 25 منٹ تک بڑھ جائے گا

ابوظہبی (سی این پی) ماہر فلکیات نے 2026 کے مقدس مہینہ رمضان المبارک کے بارے میں اہم پیشگوئی کرتے ہوئے بتایا کہ اگلے سال رمضان المبارک 19 فروری (بروز جمعرات) سے شروع ہوگا، اس حساب سے رمضان المبارک کے آغاز میں اب صرف 139 دن باقی ہیں۔ یہ پیشگوئی ابتدائی فلکیاتی حسابات کی بنیاد پر اماراتی (بقیہ نمبر 25)

دنیا بھر میں عالمی خلائی ہفتہ کی تقریبات کا آغاز

لاہور (این این آئی) دنیا بھر میں عالمی خلائی ہفتہ کی تقریبات شروع ہوگئیں۔ رواں سال عالمی ہفتے کا موضوع ہے ''خلاء میں زندگی''۔ عالمی خلائی ہفتہ ہر سال منایا جاتا ہے جس کا مقصد انسانی زندگی کی بہتری (بقیہ نمبر 26)

ملکی ترقی کیلئے پالیسیوں، اصلاحات کا تسلسل برقرار رکھنا ہوگا، احسن اقبال

ہم بطور قوم تین بار معاشی طور پر کریش کر چکے، اب مزید غلطی کی گنجائش نہیں، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اڑان پاکستان کے وژن کے تحت ملک کو روشن مستقبل کی جانب لے جانے کی کوششیں جاری ہیں، خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے پالیسیوں میں تسلسل اور اصلاحات پر مستقل مزاجی سے عمل درآمد ناگزیر ہے، اگر ہم کم از کم دس سال تک پالیسیوں کا تسلسل برقرار رکھیں اور تعلیم کے فروغ پر بھرپور توجہ دیں تو پاکستان دنیا کی ترقی یافتہ اقوام کی صف میں شامل ہو سکتا ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں ''اڑان پاکستان'' وژن کے تحت ملک کو روشن مستقبل کی جانب لے جانے کی کوششیں جاری ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی ہوٹل میں (بقیہ نمبر 27)

ڈاکٹر احسان بھٹہ سیاحت کے فروغ کیلئے نئے موجودہ عجائب گھروں کی بہتری، تاریخی ورثے کی بحالی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

137 سماجی کارکن استنبول پہنچ گئے، مشتاق احمد سمیت پاکستانی بدستور قید

اسرائیلی فوج کی حراست میں صمود فلوٹیلا کے کئی رضاکاروں پر تشدد

استنبول (این این آئی) اسرائیل کی حراست سے رہائی پانے کے بعد گلوبل صمود فلوٹیلا کے 137 سماجی کارکن استنبول پہنچ گئے ہیں جن میں 36 ترک شہریوں سمیت امریکا، برطانیہ، اٹلی، اردن، کویت، لیبیا، الجزائر، ماریطانیہ، ملائیشیا، بحرین، مراکش، سوئٹزر (بقیہ نمبر 19)

فلسطین کے مسئلے پر جس کا جو دل چاہتا وہ کہہ دیتا ہے، طاہر محمود اشرفی

جو کہہ رہے کہ اسرائیل کو تسلیم کر لیا گیا وہ بتائیں اسرائیل کو کہاں تسلیم کیا گیا

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ فلسطین کے مسئلے پر جس کا جو دل چاہتا وہ کہہ دیتا ہے جبکہ ہمارے پاس زمینی (بقیہ نمبر 20)

www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
کینیڈا

ہر شہر کو خوبصورتی کی بہترین مثال بناؤں گی

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر راولپنڈی مری روڈ کو سرسبز اور خوبصورت بنا دیا گیا ہے- راولپنڈی کی سب سے بڑی اور تاریخی سڑک مری روڈ کی ری ویمپنگ اور اپ گریڈیشن مکمل کر لی گئی ہے- بے ہنگم اور خستہ حال مری روڈ کو گرین کوریڈور میں تبدیل کر دیا گیا ہے- سکستھ روڈ پر پل کے نیچے شہریوں خاص طور پر نوجوانوں کے لئے خوبصورت ٹینس کورٹ بھی بنا دیا گیا- سکستھ روڈ کے نیچے اور اردگرد کے راستوں کو خوبصورت پودوں، پھولوں اور درختوں سے سجا دیا گیا ہے- ماضی میں یہ مقامات کوڑے کرکٹ کے ڈھیر بنے ہوئے تھے - سکستھ اور سیونتھ روڈ پر شہریوں کے بیٹھنے کے لئے خوبصورت انتظار گاہیں بھی بنا دی گئیں - چاندنی چوک پر خوبصورت کلاک ٹاور کی اپ گریڈیشن بھی مکمل ہوگئی ہے- مری روڈ اور میٹرو کے راستے کے دونوں اطراف پودوں اور پھولوں کی کیاریاں بنا دی گئیں- میٹرو پل کے ستونوں کو بھی بیلوں اور پھولوں سے ڈھانپ دیا گیا- گرد و غبار سے پاک، پودوں اور پھولوں سے آراستہ مری روڈ شہریوں کے لیے خوشگوار حیرت کا باعث بن گئی - رات کو خوبصورت روشنیوں نے مری روڈ کی خوبصورتی دوبالا کر دی- خوبصورت دل رکھنے والے راولپنڈی کے شہریوں کو مری روڈ کو خوبصورت اور سرسبز بنا کر ایک تحفہ دیا ہے- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پی ایچ اے سمیت تمام ٹیم کو شاباش دی- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ شہری نہ صرف آلودگی سے بچیں گے، معیاری سفر کے دوران راولپنڈی کی خوبصورتی سے بھی لطف اندوز ہوں گے-

بقیہ نمبر.....1

کرنے کیلئے وزیراعظم نے کہا تھا؟۔ پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو وزیر خارجہ ہوتے ہوئے بھی اپنی جماعت سمیت وفاقی حکومت اور وزیراعظم کی جڑیں کھوکھلی کر رہے تھے، وہ آج بھی قوم کو یاد ہے، جن کے اپنے گھر میں باپ بیٹے کی نہیں بنتی وہ ہمارے گھر میں فضول قسم کی طعنے زنی کر کے اپنے گناہوں پر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں۔ آپ اتنے سچے ہیں کہ پنجاب حکومت آپ کو وفاق کے خلاف سازش کرنے کی طرف دھکیل رہی اور آپ اس کا حصہ نہیں بن رہے؟ آپ خود وفاق اور پنجاب کے خلاف سازش کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر.....2

کی قانونی کارروائی بین الاقوامی ضابطوں کے مطابق ہوگی اور اسرائیلی عدالت میں انہیں پیش کیا جائے گا۔ وزارتِ خارجہ کے مطابق ایک دوست یورپی ملک کے ذریعے سفارتی ذرائع سے مشتاق احمد کی صورتحال کی تصدیق کی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ڈی پورٹیشن آرڈر جاری ہونے کے بعد مشتاق احمد کی وطن واپسی عمل میں لائی جائے گی۔ دفترِ خارجہ کے مطابق حکومت اپنے تمام شہریوں کے تحفظ اور جلد رہائی کیلئے پرعزم ہے، پاکستان اس معاملے کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر عالمی سطح پر بھی اجاگر کر رہا ہے تاکہ تمام فلوٹیلا شرکا کو بین الاقوامی قوانین کے مطابق تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر.....3

سرمایہ ہیں، اساتذہ کی فنی استعداد میں اضافہ اور ان کی معاشی آسودگی کا خیال رکھنا حکومت پاکستان اور صوبائی حکومتوں کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے عالمی یومِ اساتذہ پر کہا ہے کہ تدریس محض پیشہ نہیں ایک مقدس ذمہ داری ہے، اساتذہ نسلوں کے اذہان سنوارتے اور کردار کی تربیت کرتے ہیں۔ عالمی یوم اساتذہ پر صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان کے دیہی و شہری علاقوں میں اساتذہ کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، مشکل حالات کے باوجود علم کی شمع جلانے والے اساتذہ قوم کا سرمایہ ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ جدید دور میں اساتذہ کا کردار پہلے سے زیادہ اہم ہوگیا، طلبہ کی تیاری کے لیے اساتذہ کو ڈیجیٹل وسائل اور تربیت دینا ضروری ہے، حکومتِ پاکستان تدریس کے شعبے کی مکمل حمایت کے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔ صدر آصف زرداری نے کہا کہ اداروں کو مضبوط بنانا، ٹیکنالوجی کا انضمام اور بہتر سہولتیں اولین ترجیحات ہیں، قوم کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ اساتذہ کی عزت و توقیر کو یقینی بنایا جائے۔ اس حوالے سے انہوں نے کہا کہ جو معاشرہ اپنے اساتذہ کا احترام کرتا ہے وہ اپنا مستقبل محفوظ بناتا ہے۔ قومی یکجہتی، جدت اور ترقی کے لیے اساتذہ کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اساتذہ کے عالمی دن پر پاکستان دنیا کے ساتھ ہم آواز ہو کر دنیا بھر کے اساتذہ کو خراج عقیدت اور ان کی گراں قدر خدمات پر خراج تحسین کرتا ہے۔ عالمی سطح پر اساتذہ کے لیے دن مختص کرنا ناصرف پاکستان بلکہ دنیا بھر کے اساتذہ کی خدمات کا اعتراف کا موقع فراہم کرتا ہے، بالخصوص پاکستان کے طول وعرض میں بے لوث خدمات سرانجام دینے والے اساتذہ کو حکومت پاکستان اور پاکستان کی عوام کی طرف سے بھرپور خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، اس سال 2025 میں اساتذہ کا عالمی دن "تدریس کو ایک باہمی تعاون اور مشترکہ پیشہ" کے طور پر اجاگر کرنے کے عنوان سے منایا جا رہا ہے جس کا مقصد دنیا بھر کے تمام اساتذہ، درسگاہوں اور تعلیمی نظام میں ہم آہنگی پیدا کرنے کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ بہترین و جدید تدریسی نظام ہی ملک و قوم کی انفرادی اور اجتماعی استعداد کار میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ حکومتی نظام، پالیسیز میں بہتری کا باعث بن سکتا ہے۔ قوموں کی بحیثیت مجموعی تعمیر و ترقی اور کسی بھی ملک کی نسلوں کی انفرادی تعلیم و تربیت میں اساتذہ کا کلیدی کردار ہے، ملکوں کی افرادی قوت کی علمی و فنی صلاحیتوں کا دارومدار اس کی ذہنی نشوونما اور عقل و شعور کے معیار پر ہوتا ہے جس کو نکھارنے میں اساتذہ کی محنت فیصلہ کن حیثیت رکھتی ہے، حکومت پاکستان کی ترجیح ہے کہ پاکستان میں تعلیمی نظام کو موثر اور جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے تاکہ ہماری نئی نسل دنیا کے علمی و فنی میدان میں مقابلہ کر کے ملک کا نام روشن کر سکے۔ نئی نسل کی تعلیم و تربیت میں اساتذہ، والدین اور معاشرے کا بحیثیت مجموعی مثبت اور تعمیری کردار ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی اور بہترین مستقبل کا ضامن ہوتا ہے جہاں اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور شاگردوں اور نئی نسل کی طرف اپنے فرائض کو بااحسن سرانجام دے رہے ہیں وہیں مجموعی طور پر معاشرے کا یہ فرض العین ہے کہ اساتذہ کی عزت و تکریم اور معاشرے میں احترام میں کسی طور بھی کوئی کمی نہ ہو۔

بقیہ نمبر.....4

پرندوں کو موسمی بیماریوں سے بچانے کیلئے اپنی ویکسی پروپیشنیشن حاصل کر رہے ہیں۔ غیر حاضر ملازمین کا اپنے دفاتر کی جانب دوڑیں لگ گئی۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر لائیو سٹاک و فشریز محمد علی ملکانی کی ہدایات پر عملدرآمد کے بعد محکمہ لائیو سٹاک کے چاروں ونگز میں عملی کام شروع کر دیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر محمد علی ملکانی نے حکم دیا ہے کہ صوبے کے تمام اضلاع میں محکمہ حیوانات، جانوروں کی افزائش، پولٹری پروڈکشن اور ریسرچ اینڈ ایکسٹینشن کے ڈپٹی ڈائریکٹرز روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ وزٹ کریں،

بقیہ نمبر.....5

جمہوریت میں سب کو مل کر آگے چلنا ہوتا ہے، کوئی بھی چیز حرف آخر نہیں ہوتی اور سب کی مشاورت سے بہتری ہوتی ہے، کچے کے علاقوں میں ڈاکوؤں کا خاتمہ کرنے کے لیے پنجاب اور سندھ پولیس کو مل کر کارروائی کرنا ہوگی۔ گورنر سردار سلیم حیدر سے پنجاب میں ٹریننگ پر آئے سندھ پولیس کے افسران کے وفد نے ملاقات کی۔ گورنر سردار سلیم حیدر خان نے باور کرایا کہ پولیس نے شہریوں کو امن و امان اور محفوظ ماحول دینے کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے، پولیس کے شہید جوانوں کی قربانیوں کو نہیں بھول سکتے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہونی چاہیے، پولیس کے دروازے غریب اور عام انسان کے لئے ہر وقت کھلے رہنے چاہئیں جبکہ پولیس کو سیاست سے بالا تر ہو کر عوامی منشور پر عمل پیرا رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب ایک بڑا صوبہ ہے، ایسے میں جرائم کی شرح میں کمی آنا پنجاب پولیس کی بڑی کامیابی ہے جبکہ پولیس اور سیکورٹی فورسز واحد ادارے ہیں جو ملک اور ہماری حفاظت کیلئے اپنی جان دینے کا وعدہ بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سائنس اور ٹیکنالوجی کے دور میں مجرموں کو پکڑنا بہت آسان ہو گیا ہے۔ پولیس کا ایچ وقت کے ساتھ ساتھ بہتر ہوگیا ہے، پولیس کے افسران اور جوانوں کی تنخواہوں میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے، محکمہ پولیس میں خواتین کا کردار قابل ستائش ہے۔ سلیم حیدر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں پولیس سمیت سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں خاطر خواہ اضافہ کیا، خواتین محکمہ پولیس سمیت ایئر فورس، سیکورٹی اداروں اور زندگی کے دیگر شعبوں میں بھی اپنا لوہا منوا رہی ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی ایک وفاقی اور عوامی جماعت ہے جو نہ صرف پنجاب بلکہ سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا ہ سمیت پورے پاکستان میں بھرپور نمائندگی رکھتی ہے۔ پیپلز پارٹی نے ایک صوبے کی نہیں بلکہ پورے پاکستان کی بہتری، اور ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا۔ سردار سلیم حیدر خان نے واضح کیا ہے کہ جمہوریت میں سب کو مل کر آگے چلنا ہوتا ہے، کوئی بھی چیز حرف آخر نہیں ہوتی اور سب کی مشاورت سے بہتری ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر.....6

ہو گی۔ ذرائع نے بتایا کہ فلسٹ ونٹرز ویکسینیشن کا فیصلہ رہ جانے والی بچیوں کی سہولت کیلئے ہوا ہے، فلسٹ سینٹرز پر سروائیکل کینسر ویکسین غیر معینہ مدت تک دستیاب ہو گی۔ ذرائع کے مطابق پنجاب، سندھ، کشمیر، اسلام آباد میں ایچ پی وی ویکسین فلسٹ سنٹرز پر دستیاب ہو گی، سروائیکل کینسر ویکسین کیلئے 5706 فلسٹ سینٹرز مختص کئے گئے ہیں، 5337 سرکاری، 369 نجی فلسٹ سینٹرز پر ایچ پی وی ویکسین دستیاب ہو گی، پنجاب کے 3616 سرکاری، 140 نجی فلسٹ سینٹرز پر ایچ پی وی ویکسین لگے گی، سندھ 1318 سرکاری، 225 نجی فلسٹ سینٹرز پر ایچ پی وی ویکسین دستیاب ہو گی، آزاد کشمیر کے 358 سرکاری فلسٹ سینٹرز پر ایچ پی وی ویکسین لگائی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کے 45 سرکاری، 4 نجی فلسٹ سینٹرز پر ایچ پی وی ویکسین لگے گی، ملکی تاریخ کی پہلی انسداد ایچ پی وی مہم 15 تا 27 ستمبر چلائی گئی تھی ایچ پی وی ویکسینیشن مہم کے توسیع شدہ فیز کا آج آخری روز ہے۔

بقیہ نمبر.....7

نے اپنی بیوی، بچیوں اور ساس پر تیزاب پھینکا تھا۔ لیاقت پور پولیس کے ترجمان نے بتایا کہ تھانہ ترنڈہ محمد پناہ پولیس اور چند ملزمان میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں چند روز قبل اپنی بیوی، بچیوں اور ساس پر تیزاب پھینکنے والا ملزم ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ ترنڈہ کی حدود میں ناکہ بندی کی گئی تھی، جسے چند ملزمان توڑ کر فرار ہو رہے تھے، جنھیں روکنے کی کوشش کی گئی، تاہم مسلح ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی، جوابی کارروائی میں ایک ملزم ہلاک، جب کہ اس کے ساتھی فرار ہو گئے۔

بقیہ نمبر.....8

طبقہ ہیں- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اپنے گرامی قدر اساتذہ سمیت ہر استاد کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں- پوزیشن ہولڈرز کے ساتھ ساتھ ان کے قابل احترام اساتذہ کو بھی اعتراف عظمت کے طور پر انعامات پیش کئے گئے - استاد نے علم ہی نہیں دیا بلکہ اخلاقی اقدار اور روایات سے بھی روشناس کرایا- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے لاکھوں اساتذہ کرام کی محنت اور لگن کو سراہتے ہیں- اچھا استاد ہی معاشرے میں مثبت تبدیلی کی بنیاد رکھ سکتا ہے-

بقیہ نمبر.....9

سینئر حکام کی موجودگی میں منعقد ہوئی، جس میں پاکستان سے سائنس قونصلر محمد خان، سکریٹری نادر چھٹہ، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران، ٹی ای وی ای اے اور ایم این ایس یونیورسٹی آف ایگریکلچر ملتان کے نمائندے شریک ہوئے۔

دورے کے دوران ملائیشیاء کے وزیراعظم سے ملاقات کریں گے جبکہ دونوں ممالک کے درمیان وفود کی سطح پر بھی بات چیت ہوگی۔ دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی ہوں گے۔ دونوں رہنما تجارت، آئی ٹی اور ٹیلی کام، حلال انڈسٹری، سرمایہ کاری، تعلیم، توانائی، انفراسٹرکچر اور ڈیجیٹل معیشت میں دوطرفہ تعاون کو بڑھانے پر بھی غور کریں گے۔ عوام سے عوام کے روابط بڑھانے کے لئے نئے تعاون کے مواقع تلاش کرنے پر گفتگو ہوگی۔

بقیہ نمبر.....11

میں 2018 سے 2022 کے درمیان ڈالر کی قیمت 140 روپے سے بڑھ کر 280 روپے تک جا پہنچی لیکن اس کے باوجود برآمدات 29 ارب ڈالر سے کم ہو کر 27 ارب ڈالر پر آ گئیں، اگر صرف روپے کی قدر گرانے سے برآمدات بڑھنی ہوتیں تو پاکستان کا تجارتی خسارہ ختم ہو جاتا، مگر حقائق اس کے برعکس ہیں۔

بقیہ نمبر.....12

مریم نواز شریف کی ہدایت پر چیئرپرسن ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔ حنا پرویز بٹ نے جناح ہسپتال میں متاثرہ لڑکی کی عیادت اور اہل خانہ سے ملاقات کی۔ حنا پرویز بٹ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت متاثرہ لڑکی کو مکمل قانونی، طبی، نفسیاتی سہولتیں فراہم کرے گی۔ خواتین پر حملہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ نمبر.....13

شریف نے ماہ نور چیمہ کو اے لیول کے امتحانات میں 24 مضامین میں انفرادی طور پر امتیازی گریڈ کے ساتھ کامیابی حاصل کرنے اور شاندار کارکردگی دکھانے پر دلی مبارکباد دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ماہ نور چیمہ ملک و قوم کا قیمتی اثاثہ اور نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ انہوں نے ماہ نور کے والدین کو بھی اس کامیابی پر مبارکباد دی اور ماہ نور کے لیے مزید کامیابیوں کی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے ماہ نور چیمہ کو تحائف بھی پیش کیے۔ ماہ نور چیمہ نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ تعلیمی میدان میں مزید کامیابیاں حاصل کرے گی۔

بقیہ نمبر.....14

ساتھ مجموعی طور پر 5 افراد زخمی ہو گئے ہیں تاہم تمام زخمیوں کی حالت تسلی بخش ہے۔ وزیر داخلہ کے مطابق دوسرا واقعہ دوپہر کوٹسی ہسپتال کے قریب رونما ہوا جہاں نامعلوم دہشت گردوں نے ہائی کورٹ کے سینئر جج ملک عنایت الرحمٰن کی گاڑی پر فائرنگ کی تاہم وہ معجزانہ طور پر محفوظ رہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی کو علاقے کے امن سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور دہشت گردوں کو کچل دیا جائے گا جبکہ علاقے کی ہم آہنگی کو تباہ کرنے والے سازشی عناصر کو نشانِ عبرت بنایا جائے گا۔ دوسری جانب، صوبائی حکومت کے ترجمان فیض اللہ فراق نے کہا ہے کہ خطیب مرکزی جامع مسجد اہلسنت مولانا قاضی نثار احمد کی گاڑی پر فائرنگ اس وقت کی گئی جب ان کی گاڑی سینٹرل پولیس آفس کے سامنے سے گزر رہی تھی۔ حملے کے نتیجے میں مولانا قاضی نثار احمد، ان کے دو سیکیورٹی گارڈ اور ڈرائیور زخمی ہوئے ہیں، تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے اور چاروں معمولی زخمی ہوئے ہیں جنہیں سٹی ہسپتال میں طبی امداد دی جا رہی ہے۔ انہوں نے حملہ آوروں کے زخمی حالت میں پکڑے جانے کے بارے میں لاعلمی کا اظہار کیا، ادھر، فائرنگ کے واقعات کے بعد گلگت شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا اور شہر کی تمام مارکیٹیں اور دوکانیں بند ہو گئیں جس سے سڑکیں سنسان اور ویران ہو گئی۔ پولیس کے اہم افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ حملہ آوروں کے زیر استعمال دو گاڑیاں چھوڑ کر فرار ہونے کی معلومات ہیں۔ وزیراعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر خان اور گورنر سید مہدی شاہ نے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ حالات کو خراب کرنے کی سازش ہے، جلد دہشت گردوں کو گرفتار کر کے نشانِ عبرت بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر.....15

روڈ کو گرین کوریڈور میں تبدیل کر دیا گیا ہے- سکستھ روڈ پر پل کے نیچے شہریوں خاص طور پر نوجوانوں کے لئے خوبصورت ٹینس کورٹ بھی بنا دیا گیا- سکستھ روڈ کے نیچے اور اردگرد کے راستوں کو خوبصورت پودوں، پھولوں اور درختوں سے سجا دیا گیا ہے- ماضی میں یہ مقامات کوڑے کرکٹ کے ڈھیر بنے ہوئے تھے - سکستھ اور سیونتھ روڈ پر شہریوں کے بیٹھنے کے لئے خوبصورت انتظار گاہیں بھی بنا دی گئیں - چاندنی چوک پر خوبصورت کلاک ٹاور کی اپ گریڈیشن بھی مکمل ہوگئی ہے- مری روڈ اور میٹرو کے راستے کے دونوں اطراف پودوں اور پھولوں کی کیاریاں بنا دی گئیں- میٹرو پل کے ستونوں کو بھی بیلوں اور پھولوں سے ڈھانپ دیا گیا- گرد و غبار سے پاک، پودوں اور پھولوں سے آراستہ مری روڈ شہریوں کے لیے خوشگوار حیرت کا باعث بن گئی - رات کو خوبصورت روشنیوں نے مری روڈ کی خوبصورتی دوبالا کر دی- خوبصورت دل رکھنے والے راولپنڈی کے شہریوں کو مری روڈ کو خوبصورت اور سرسبز بنا کر ایک تحفہ دیا ہے- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پی ایچ اے سمیت تمام ٹیم کو شاباش دی- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ شہری نہ صرف آلودگی سے بچیں گے، معیاری سفر کے دوران راولپنڈی کی خوبصورتی سے بھی لطف اندوز ہوں گے- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اہلیان راولپنڈی کو مبارک دیتے ہوئے کہا کہ نواز شریف کے وژن کے تحت مری روڈ بنائی، میٹرو بنائی، اب اس کی مرمت، صفائی اور خوبصورتی کو بھی یقینی بنایا ہے- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے ہر شہر کو جدید، صاف ستھرا، سرسبز اور بہترین سہولیات کی مثال بنا کر رہوں گی-

بقیہ نمبر.....16

ورکنگ کے مواقع کو مضبوط بنایا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جناب جمیل احمد نے خواتین کے اسٹالز کا دورہ کیا، ان سے گفتگو کی اور ان کے ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے تجربات سنے۔ خواتین نے گورنر صاحب کو قیمتی آراء اور تجاویز بھی فراہم کیں۔ تقریب کا آغاز شراکت فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر محترمہ بلقیس طاہرہ کی خوش آمدیدی تقریر سے ہوا۔ انہوں نے 2010 سے شراکت کے سفر پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ تنظیم سماجی و صنفی انصاف، معاشی انصاف اور ماحولیاتی انصاف کے شعبوں میں کام کر رہی ہے۔ اپنے پائیدار روزگار پروگرام کے تحت، شراکت نے 6,000 سے زائد نوجوانوں کو فنی و تکنیکی تربیت دی ہے جن میں سے 66 فیصد با روزگار ہیں، 1,250 خواتین کے زیرِ قیادت کاروباروں کو سپورٹ فراہم کی، پاکستان کی پہلی خواتین کی زرعی کوآپریٹو ایسوسی ایشن قائم کی جس کے 750 ممبران ہیں، 11,000 سے زائد بچیوں کو اسکولوں میں داخلہ دلایا، اور صنفی بنیاد پر تشدد کے انسداد کی مہمات کے ذریعے 20 لاکھ سے زائد افراد تک رسائی حاصل کی۔ اسی موقع پر خواتین مائیکرو انٹرپرینیورز نے پورعزم کے نام سے پاکستان کی پہلی خواتین مائیکرو انٹرپرینیورز ایسوسی ایشن کا آغاز کیا۔ انہوں نے تنظیم کے بنیادی مقاصد بیان کیے جن میں اراکین کی صلاحیت سازی، تکنیکی معاونت اور پالیسی سطح پر وکالت شامل ہے تاکہ خواتین کو بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ شراکت فاؤنڈیشن کی جانب سے تیار کردہ پاکستان کی پہلی خواتین انٹرپرینیورز ڈائریکٹری بھی تقریب میں شرکاء کے ساتھ شیئر کی گئی۔ تقریب میں ممتاز مقررین نے خواتین کی معاشی بااختیاری، مالی خواندگی، ڈیجیٹل شمولیت اور پائیدار ترقی کے موضوعات پر اظہارِ خیال کیا۔ محترمہ سیمونا لانزونی (وائس پریزیڈنٹ وہیڈ آف پروجیکٹس، پانیجا فاؤنڈیشن) نے خواتین کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے تنظیم کے عالمی عزم پر روشنی ڈالی اور صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے شراکت فاؤنڈیشن، چیمبر آف کامرس، اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے خواتین کے زیرِ قیادت کاروباروں کی حوصلہ افزائی کو ایک اہم قدم قرار دیا۔ جناب امتیاز علی (سینئر ڈپٹی چیف مینیجر، SBP BSC اسلام آباد) نے مالی خواندگی اور خواتین کی بااختیاری کے موضوع پر خطاب کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ خواتین کے کاروباروں کی پائیداری کے لیے بجٹ سازی، ریکارڈ رکھنے اور باخبر فیصلے کرنے جیسی اچھی مالی انتظامی عادات اپنانا ضروری ہے۔ جناب آگوستو پالمیری (فرسٹ سیکرٹری، اطالوی سفارتخانہ) نے خواتین کی معاشی شمولیت کے فروغ میں اداروں اور حکومتوں کے درمیان تعاون کی اہمیت پر زور دیا اور خواتین کے کاروباروں کے لیے اٹلی کے تعاون کے عزم کو دہرایا۔ ڈیجیٹل فنانس کے موضوع پر گفتگو میں جناب سخاوت علی خان (سینئر آفیسر، SBP B S C اسلام آباد) نے اسٹیٹ بینک کی ڈیجیٹل پیمنٹ اسکیموں جیسے موبائل والٹس، برانچ لیس بینکنگ اور دیگر پلیٹ فارمز کے بارے میں بتایا جو خواتین کاروباریوں کو محفوظ، تیز اور آسان مالی سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ ریاست زمان (اسپیشلسٹ فنانشل انکلوژن، پاکستان پاورٹی ایلیویٹ ایشن فنڈ) نے وضاحت کی کہ ڈیجیٹل آن بورڈنگ خواتین کے کاروباروں کو باضابطہ معیشت میں شامل کرنے اور ان کی رسائی کو بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ مہمانِ خصوصی جناب محمد اویس ستی (صدر، اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ انڈسٹریز) نے خواتین انٹرپرینیورز کی ہمت، تخلیقی صلاحیت اور عزم کی تعریف کی اور مارکیٹ تک ان کی بہتر رسائی کے لیے چیمبر کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ محترمہ سمینہ فاضل (صدر، اسلام آباد ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری) نے خواتین کی پالیسی سازی اور تجارتی اداروں میں نمائندگی کی اہمیت پر زور دیا اور رہنمائی و نیٹ ورکنگ پروگراموں کے فروغ کی سفارش کی۔ خیتامی کلمات میں جناب عدنان عمران (چیف مینیجر، SBP BSC اسلام آباد) نے شرکاء اور شراکت داروں کا شکریہ ادا کیا اور اسٹیٹ بینک اور شراکت فاؤنڈیشن کے باہمی تعاون کو سراہا۔ انہوں نے خواتین کی مالی شمولیت کے فروغ اور مائیکرو انٹرپرینیورز کے لیے ایک مضبوط ایکو سسٹم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر.....17

کرے گی۔ وزارتِ موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی کے ترجمان محمد سلیم شیخ نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ اقدام اسموگ کے موسم سے قبل فضائی آلودگی پر قابو پانے کے لیے اٹھایا جا رہا ہے۔ اس مہم کے دوران شہر کے مختلف مقامات پر گاڑیوں کی اچانک چیکنگ اور موقع پر ہی اخراجِ دھواں کی جانچ کی جائے گی جو گاڑیاں مقررہ حد سے زیادہ دھواں خارج کرتی پائی گئیں، ان پر جرمانہ یا ضبطگی کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسموگ کا موسم قریب ہے جو عوامی صحت اور ماحول دونوں کے لیے سنگین خطرات لاتا ہے۔ "اپنے آپ کو، اپنے خاندان کو اور اپنے ماحول کو فضائی آلودگی اور اسموگ کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اسموگ گاڑیوں کے دھوئیں، صنعتی اخراج، اور کوڑا کرکٹ یا فصلوں کی باقیات جلانے کے باعث پیدا ہوتی ہے، جو بچوں، بوڑھوں اور سانس کی بیماریوں میں مبتلا افراد کے لیے انتہائی خطرناک ہے، یہ ماحولیاتی بگاڑ، کمزور فضائی معیار، فصلوں کو نقصان، اور حدِ نگاہ میں کمی جیسے مسائل بھی پیدا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کو صاف اور سرسبز بنانے کے لیے عوام کا تعاون نہایت ضروری ہے، حکومت کے اقدامات اسی وقت کامیاب ہو سکتے ہیں جب عوام ان کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، عوامی ٹرانسپورٹ استعمال کریں، گاڑیوں کی باقاعدہ دیکھ بھال کریں تاکہ دھواں کم سے کم خارج ہو، اور کھلی جگہوں پر کوڑا یا پتے جلانے سے اجتناب کریں۔ انہوں نے تمام گاڑی مالکان سے کہا کہ وہ 17 نومبر سے قبل اپنی گاڑیوں کا دھواں ٹیسٹ کروائیں اور پاک ای پی اے کے مقرر کردہ مراکز سے کلیئرنس اسٹیکر حاصل کریں تاکہ جرمانے سے بچ سکیں۔ مزید معلومات کے لیے گاڑی مالکان پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک، پاک ای پی اے اسلام آباد کے دفتر (فون نمبر: 051-9250713) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ محمد سلیم شیخ نے خبردار کیا کہ جو گاڑیاں دوران چیکنگ اخراج کے مقررہ معیار پر پورا نہیں اتریں گی، ان پر جرمانہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر.....18

کی مناسبت سے اپنے اساتذہ اور ٹاپ پرفارمنگ سرکاری سکولوں کے ٹیچرز کو بھی فرداً فرداً ٹیلیفون کر کے ان کی خیریت دریافت کی اور تعلیم و تربیت پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع انہوں نے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی محنت اور عزم سے صوبے کا تعلیمی نظام بدل رہا ہے۔ اساتذہ کی کاوشوں کی بدولت سرکاری سکول معیاری سکول بن رہے ہیں۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ استاد چاہے سرکاری ہو یا پرائیویٹ، برابر تکریم ہونی چاہئے۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی ہیروایوارڈ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا سکندر حیات نے مزید کہا کہ سکول آؤٹ سورس کرنے سے ہزاروں اساتذہ کو روزگار کے مواقع میسر آئے۔ اساتذہ کی محنت سے ہی سرکاری اور نجی سکولوں کے معیار تعلیم کا فرق ختم ہو رہا ہے۔ انہوں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے اساتذہ کیلئے ہیلتھ انشورنس اور جاب سیکورٹی کیلئے لائحہ عمل بنانے پر غور کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پیف، پی آر ایس پی اور پیما کے 100 ٹاپ پرفارمنگ سکولوں کو 10 دس لاکھ روپے کیش پرائز دیں گے۔

بقیہ نمبر.....19

لینڈ اور ہیوس کے کارکن شامل ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق صمود فلوٹیلا کے 450 سماجی کارکن اب بھی اسرائیلی حراست میں موجود ہیں جن میں بدستور سابق سینیٹر مشتاق احمد اور دیگر پاکستانی شہری بھی شامل ہیں۔ ادھر اسرائیلی جارحیت کے باوجود امدادی سامان لے کر ایک اور فلوٹیلا غزہ کی طرف روانہ ہوگیا، کشتیوں پر بین الاقوامی سماجی کارکن موجود ہیں۔ استنبول پہنچنے پر ترک صحافی ایرسن سیلک نے ہولناک انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج کی حراست میں موجود صمود فلوٹیلا کے کئی رضا کاروں پر تشدد کیا گیا ہے۔ ایرسن نے بتایا کہ حراست کے دوران گریٹا تھنبرگ کو تشدد کر کے زبردستی اسرائیلی پرچم چومنے پر مجبور کیا گیا، کم عمر ہونے کے باوجود اُس کے ساتھ ظالمانہ سلوک کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ یہ قافلہ 31 اگست کو اسپین سے روانہ ہوا تھا اور اس دوران مختلف ممالک کی کشتیاں قافلے میں شامل ہوگئیں تھیں۔ بعد ازاں اسرائیلی بحریہ نے فلسطینی حدود سے تقریباً 70 ناٹیکل میل کی دوری پر قافلے کو نشانہ بنایا تھا۔

بقیہ نمبر.....20

حقائق موجود نہیں ہوتے، وہ جو تین دن سے اچھل رہے تھے کہ اسرائیل کو تسلیم کر لیا گیا وہ بتائیں اسرائیل

Rg.No. 1546653-9
ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
چیف ایڈیٹر پبلشر
منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 2 | منگل 7 اکتوبر 2025ء، 13 ربیع الثانی 1447ھ، 22 اسوج 2081 ب م | شمارہ نمبر 50

غزہ میں جنگ بندی کی امید

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے قریب پہنچ چکے ہیں۔ پاکستان فلسطینیوں کی حمایت ہمیشہ جاری رکھے گا۔ سماجی رابطے کے ذریعے 'ایکس' پر جاری اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ میں شکر گزار ہوں صدر ٹرمپ کے ساتھ ساتھ قطر، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، ترکیہ، اردن، مصر اور انڈونیشیا کی قیادت کا، جنھوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر امریکی صدر ٹرمپ سے فلسطینی مسئلے کے حل کے لیے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ حماس کے مثبت بیان سے جنگ بندی اور امن کے قیام کے لیے ایک موقع پیدا ہوا ہے جسے ہمیں ضائع نہیں ہونے دینا چاہیے۔ یہ بہت اچھی بات ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے امکانات دکھائی دینے لگے ہیں۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ اس موقع پر بھی ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیل کے وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کی طرف سے دھمکیاں ہی دی جا رہی ہیں۔ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ اس طرح امن قائم ہو سکتا ہے تو پھر کر کے دیکھ لیں۔ پچھلے دو سال سے انھوں نے بدترین کارروائیوں کے ذریعے کوشش کی کہ حالات ان کی منشا کے مطابق ڈھل جائیں لیکن معاملات ان کی مرضی کے مطابق طے نہیں ہوئے۔ اس لیے امریکا کو چاہیے کہ اب زور زبردستی چھوڑ دے اور اپنے بغل بچے کو جو سہولیات اسلحے، سفارتی مدد اور دیگر صورتوں میں دیتا ہے انھیں روک کر اس مسئلے کے حل کی طرف آئے۔ اگر تمام کوششوں کے باوجود امریکا کو یہ بات سمجھ نہیں آتی تو پھر مسلم ممالک کو چاہیے کہ وہ اکٹھے ہو کر اس حوالے سے ٹھوس اقدامات کریں۔ غزہ میں جاری بربریت کو دو سال مکمل ہو گئے ہیں اور اس سے پہلے بھی فلسطین پر غاصب صہیونیوں کے ظلم و ستم کی پون صدی کی تاریخ موجود ہے، اس دوران ہر قسم کی کوششوں کے باوجود یہ مسئلہ حل نہیں ہوا۔ مسلم ممالک کو چاہیے کہ اب وہ حتمی فیصلہ کر کے ایک ہی بار اٹھ کر کھڑے ہوں اور اس جنگ کو فیصلہ کن مرحلے تک لے جائیں۔ پھر اس کی پروا نہ کریں کہ کس کا کتنا نقصان ہو رہا ہے اور کون کیا کہہ رہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امریکا اور اس کے بغل بچے کو طاقت کے ذریعے ہی کوئی بھی بات سمجھائی جا سکتی ہے۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ غزہ میں معصوم اور نہتے فلسطینیوں پر مظالم اسرائیل نہیں ڈھا رہا بلکہ اس کے پیچھے امریکا جو یہ سب کچھ کر رہا ہے۔ اسلحہ امریکا کا ہے، بندے امریکا کے ہیں، پالیسی امریکا کی ہے، اسرائیل کا تو بس نام ہی استعمال ہو رہا ہے، لہٰذا مسلم ممالک کے حکمرانوں کو اب سر جوڑ کر بیٹھنا چاہیے اور سنجیدگی سے یہ فیصلہ کرنا چاہیے کہ وہ واقعی امریکا سے جان چھڑانا چاہتے ہیں یا اس کے غلام بن کر رہنا چاہتے ہیں۔

میٹھے بول

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

میں حسبِ معمول صبح اپنے دفتر پہنچا تو ایک نہایت خوشگوار منظر میرا منتظر تھا میں اِس خوبصورت منظر کے لیے تیار نہیں تھا لیکن ماں بیٹے کے چہرے پر خوشی کا مرانی ساتھ میں مٹھائی کا ڈبہ میری روح نہال ہو گئی۔ خوشی سرشاری کی بات وہ مسکراہٹ چمک تھی جو کامیابی کے چراغ کی طرح دونوں کے چہروں پر روشن تھی دونوں ماں بیٹا بینچ پر بیٹھے تھے میری نظر جب دونوں پر پڑی تو میں تیزی سے ان دونوں کی طرف بڑھا۔ میں دونوں کے منہ سے کامیابی کی خبر سننا چاہتا تھا جب میں دونوں کی طرف گرم جوشی سے بڑھ رہا تھا تو مجھے پانچ سال پہلے کا وقت یاد آ گیا جب میں دونوں سے ملنے اِن کے گھر پر جاتا کرتا تھا مجھے آج بھی دو دن یاد ہیں جب میں نے اپنے جاننے والے کو ایک دن کال کی تو اس کے موبائل پر اس کے بیٹے کی آواز تھی جب میں نے ہیلو کے بعد کہا کہ یہ اختر صاحب کا نمبر ہے تو کچھ لمحوں کے لیے خاموشی کی چادر تن گئی پھر چند لمحوں کے بعد دبی دبی سسکیوں کے درمیان آواز گونجی انکل اختر صاحب تو اب اِس دنیا میں نہیں رہے ان کا تو ایک ماہ پہلے انتقال ہو گیا ہے میں ان کا اکلوتا بیٹا بات کر رہا ہوں اب وہ اِس دنیا میں نہیں رہے میں اِس افسوسناک خبر کے لیے بلکل بھی تیار نہیں تھا پھر میں چند تعزیتی جملوں کے دردناک عمل سے گزرا لیکن میں اِس شاک کے لیے بلکل بھی تیار نہیں تھا اِسی دوران اپنا تعارف کراتا تو بیٹا بولا انکل میں اور ماما دونوں آپ سے مل چکے ہیں۔ بابا آپ سے بہت پیار اور ذکر کیا کرتے تھے میں کسی دن ماما کو لے کر آپ کے پاس آں گا تو میں بولا نہیں بیٹا تم لوگ نہیں آگے میں خود آپ کے گھر آپ کے والد کی تعزیت کے لیے حاضر ہوں گا تو معصوم نوجوان بیٹا بولا انکل آپ نے ہمارے گھر ضرور آنا ہے ماما بہن اور میں بہت خوش ہونگے میں نے گھر آنے کا وعدہ کیا اور فون بند کر دیا مجھے دوست کی وفات کا شدید شاک لگا تھا میری نظروں کے سامنے بار بار دوست کا زندگی سے بھرپور روشن چہرہ باتیں یاد آ رہی تھیں اختر میرا اچھا ملنسار دوست تھا انسانیت سے بھرا ہوا دل و جان سے دوسروں کی مدد کرنے والا مثبت سوچوں کا مالک کینہ بغض نفرت سے پاک محبت اخوت بھائی چارے دوسروں کی ہر وقت مدد پر تیار جب میری اِس سے پہلی ملاقات ہوئی تو تعارفی گفتگو میں ہی جب ہم دونوں کو پتہ چلا کہ ہماری پیدائش ایک ہی علاقے سے ہے اختر کا گاں میرے گاں سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر تھا علاقے کی محبت ہمیں ایک دوسرے کے قریب لے آئی اب اختر نے میرے پاس آنا شروع کر دیا سرکاری آفیسر تھا اپنی دفتری معاملات خاندانی معاملات پر مجھ سے خوب مشاورت کرتا وقتی پریشانی میں میرے پاس آیا تھا جو چند دنوں میں ہی حل ہو گئی لیکن اِس دوران ہم دوستی کے بندھن میں بندھ چکے تھے اب اختر مختلف بہانوں سے میرے پاس چکر لگاتا رہتا اس کے حلقہ احباب میں کسی کو کسی قسم کی بھی پریشانی ہوتی تو وہ میری شہرت اور فقیری درویشی کا خوب اشتہار چلاتا اس کو میرے پاس لے کر آتا اس کی مدد کرتا جب کسی کا مسئلہ حل ہو جاتا تو بہت خوش ہوتا وہ جس کسی کو پریشان دیکھتا اس کے سامنے میری خوب تعریفیں کرتا پھر میرے پاس لاتا میں اکثر اس سے کہتا دیکھو یار تم ایسے لوگوں کو بھی زبردستی میرے پاس لے آتے ہو جو روحانیت تصوف پر یقین نہیں کرتے تو وہ کہتا میں کسی کو پریشانی میں نہیں دیکھ سکتا ہمارا کام ہے کوشش کرنا شفا تو رب کے ہاتھ میں ہے وہ ہماری ٹوٹی پھوٹی کوششوں میں برکت ڈال دیتا ہے اختر کی بات سن کر میں بھی خوش ہو جاتا ایک دن مجھے کہنے لگا جب سے میں مختلف پریشان ضرورت مند لوگوں کو آپ کے پاس لاتا ہوں پھر جب ان لوگوں کے مسائل حل ہوتے ہیں تو ان کے چہروں پر اطمینان خوشی دیکھ کر مجھے بہت روحانی سکون ملتا ہے اگر کبھی اللہ نے مجھے بہت ساری دولت دی تو میں ساری دولت دکھی پریشان ضرورت مند لوگوں میں خرچ کر دوں گا تو میں بولا یار اختر سخاوت صرف دولت سے ہی نہیں ہم کسی کو دو میٹھے بول کہہ کر بھی کر سکتے ہیں کسی کی پریشانی سن کر اس کو حوصلہ دے کر بھی کر سکتے ہیں کسی کو اچھا مشورہ دینا کسی کی دکھ بھری باتیں سننا یہ بھی تو سخاوت ہے میں اکثر اس کو کہتا یار تمہارے جیسے لوگ خوشبو کی مانند ہوتے ہیں جو اِس گلے سڑے بانجھ معاشرے کا تعفن دور کرتے ہیں تمہارے جیسے لوگوں سے ہی معاشرے کا حسن قائم ہے تو وہ مسکرا کر بات ٹال جاتا اختر ہر وقت دوسروں کی مدد کرنے پر تیار رہتا جب تک دوسروں کا مسئلہ حل نہ ہو جاتا آرام سے نہ بیٹھتا میں اکثر کہتا یار تم اپنا مسئلہ بیان نہیں کرتے تو وہ مسکرا کر کہہ دیتا جو نشہ خوشی دوسروں کی مدد میں ہے وہ اپنی خوشی میں کہاں اِس پس منظر کے ساتھ اختر کی موت میرے لیے بہت گہرا گھاتھا میں اِسی صدمے میں غرق رہا بار بار مجھے اختر کا چہرہ باتیں یاد آتیں میری روح بے قرار تھی لہذا میں نے اختر کی قبر پر جانے کا فیصلہ کیا تاکہ فاتحہ خوانی کے بعد میری مضطرب روح کو قرار سا آ جائے پھر میں دکھی دل سے اختر کے نمبر پر کال کی تو اِس کے بیٹے نے فون اٹھایا تو میں نے پوچھا والد صاحب کی قبر کدھر ہے میں ابھی آ رہا ہوں تو بیٹے نے قبرستان کا ایڈریس بتایا کہ انکل آپ ادھر آئیں میں بھی آتا ہوں پھر میں گرفتہ دل کے ساتھ اختر کی قبر پر گیا جہاں پر اس کا بیٹا اور میں کتنی دیر تک خدمت خلق کے راہی کو آنسوں کا نذرانہ پیش کرتے رہے پھر میں اختر صاحب کی بیگم سے ملنے اور افسوس کرنے اس کے گھر گیا ہم تینوں دیر تک اختر کی باتیں یاد کرتے رہے واپس آتے ہوئے میں نے اختر کی بیگم سے کہا بہن پلیز مجھے اپنا سگا بھائی سمجھے گا کسی بھی ضرورت پر مجھے ضرور حکم دیجیے گا چند دن بعد اختر کی بیگم کا مجھے فون آیا بھائی صاحب جب سے اختر صاحب کا انتقال ہوا ہے بیٹا شدید ڈپریشن کا شکار ہے غم سے نکل نہیں رہا خدارا میری مدد کریں اب میں نے فیصلہ کیا بیٹے کے ساتھ وقت گزارا جائے میں جب موقع ملتا اس سے ملنے چلا جاتا یا اس کو اپنے پاس بٹھا لیتا مثبت گفتگو کرتا اس کے ٹیلنٹ کے بارے میں بتاتا میری چند ملاقاتوں اور میٹھے بولوں سے بیٹا غم سے نکل آیا اور جذبہ شوق سے پڑھائی پر لگ گیا کہ اپنے باپ کے خواب کو پورا کروں گا پڑھائی کا سفر جاری رہا میری جب ضرورت ہوتی میں بیٹے یا ماں سے بات کر لیتا پانچ سال گزر گئے تو آج جب دفتر آیا تو دونوں ماں بیٹے میرے سامنے بیٹھے تھے۔

بیٹا مجھے گلے ملا تو ماں بولی بھائی آپ کی دعاں اور میٹھے بولوں سے میرا بیٹا پڑھ کر سرکاری ملازم ہو گیا میری مشکل میں آپ نے میرا خوب ساتھ دیا میں آج آپکا شکریہ ادا کرنے آئی ہوں میں سامنے کھڑے سرکاری آفیسر کو دیکھ رہا تھا کہ کس طرح بعض اوقات ہمارے دو میٹھے بول کسی کی زندگی میں کامیابی کے رنگ بھر دیتے ہیں پھر بہت ساری دعاں کے ساتھ ماں بیٹا روانہ ہو گئے جانے سے پہلے میں نے بیٹے سے کہا جس طرح تمہارا باپ خوشیاں بانٹتا تھا تم بھی اس سلسلے کو جاری رکھنا جب دونوں واپس جا رہے تھے تو میں سوچ رہا تھا کہ ہمیں پتہ ہی نہیں ہوتا کہ کوئی ہمارے دائیں بائیں ہمارے دو میٹھے بولوں کا محتاج ہے جو اس کی زندگی کے اندھیروں کو کامیابی کے اجالوں میں بدل دیتے ہیں۔

مشرقِ وسطیٰ کی کشیدگی کے تناظر میں پاکستان کی عسکری قوت کی اہمیت

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاکستان نے طویل عرصے سے اپنی فوج کو ریاستی طاقت کا ایک اہم عنصر سمجھا ہے اور یہ ہندوستان کے ساتھ جنگوں اور داخلی اور خارجی دہشت گردی کے چیلنجوں کی بھٹی میں ڈھلا ہے۔ اس کی فوج نے قبائلی علاقوں میں انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں میں اپنی لچک، روایتی جنگی حالات میں اپنی اسٹریٹجک منصوبہ بندی اور جوہری دائرے میں اپنی ڈیٹرینس کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے۔ پھر بھی ابھرتا ہوا عالمی فوجی منظرنامہ، جو ففتھ جنریشن وارفیئر، ڈرون ٹیکنالوجی، سائبر جنگ، خلائی نگرانی اور مصنوعی ذہانت سے چلنے والے جنگی نظاموں سے تشکیل پایا ہے، اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ پاکستان ماضی کی کامیابیوں پر آرام نہ کرے۔ حالیہ اسرائیلی کارروائیوں میں درست رہنمائی والے گولہ بارود، گہری دراندازی کرنے والے ڈرون حملوں، حقیقی وقت کی سیٹلائٹ انٹیلی جنس اور جدید سائبر صلاحیتوں کا استعمال کیا گیا تاکہ ان کی سرحدوں سے سینکڑوں میل دور اہداف کو تباہ کیا جا سکے۔ ایسے خطرات کا مقابلہ کرنے یا اگر ضرورت ہو تو اسی طرح جواب دینے کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے پاکستان کو جدید دفاعی ٹیکنالوجیز میں اپنی سرمایہ کاری کو تیز کرنا ہوگا، اپنے نگرانی اور فضائی دفاعی نظام کو بہتر بنانا ہوگا، اپنے سائبر جنگی یونٹوں کو بڑھانا ہوگا اور جدید ہائبرڈ خطرات سے نمٹنے کے لیے اپنے فوجی نظریات کو بہتر بنانا ہوگا۔ قطر، جو ایک پرامن خلیجی ملک ہے اور سفارت کاری، مذاکرات اور فلسطین کے لیے انسانی ہمدردی کی حمایت کے لیے جانا جاتا ہے، پر حملہ ایک اہم موڑ تھا۔ اسرائیل کا قطر کی سرزمین کے اندر حماس سے منسلک شخصیات کو نشانہ بنانے کے بہانے حملہ کرنے کا فیصلہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ یہاں تک کہ بغیر کسی واضح دشمنی والے ممالک کی بھی خلاف ورزی کی جا سکتی ہے اگر انہیں کمزور سمجھا جائے۔ اگر قطر، اپنی دولت اور بین الاقوامی تعلقات کے ساتھ، نشانہ بن سکتا ہے تو یہ دیگر مسلم اقوام کی سلامتی کے بارے میں تشویشناک سوالات اٹھاتا ہے۔ پاکستان، فلسطینی کاز کے ایک پرجوش حامی اور ایک بڑی مسلم طاقت کے طور پر، کو اس واقعے کو ایک ویک اپ کال کے طور پر دیکھنا چاہیے۔ اب وہ صرف سفارتی احتجاج یا اسلامی یکجہتی کے فورمز پر انحصار نہیں کر سکتا جو بار بار ایسے اقدامات کو روکنے میں ناکام رہے ہیں۔ صرف ایک مضبوط فوج، جو قابل، جدید اور تیار ہو، آج کے بے رحم بین الاقوامی منظرنامے میں درکار حقیقی فائدہ فراہم کر سکتی ہے۔

مزید برآں، فلسطین پر قبضہ اور تباہی یہ ظاہر کرتی ہے کہ جبر وہاں پروان چڑھتا ہے جہاں فوجی مزاحمت غیر حاضر یا غیر مؤثر ہو۔ کئی دہائیوں سے غزہ اور مغربی کنارے کے لوگ قبضے، ناکہ بندی اور بار بار فوجی حملوں کے تحت مصائب کا شکار ہیں، جن میں پورے محلوں کو ملیا میٹ کرنا، ہسپتالوں اور اسکولوں کو نشانہ بنانا اور شہریوں کو شہید کرنا شامل ہے۔ فلسطینیوں کے لیے بے پناہ عالمی ہمدردی کے باوجود کوئی بھی ملک فوجی لحاظ سے ان کی حفاظت کرنے یا اسرائیل کی کارروائیوں کو روکنے کے لیے مداخلت کرنے کے قابل نہیں رہا ہے۔ اس تناظر میں ایک مضبوط اور آزاد مسلم فوجی طاقت کا خیال نہ صرف اسٹریٹجک بلکہ اخلاقی بھی بن جاتا ہے۔ پاکستان، جس کی نظریاتی بنیاد اسلامی اقدار میں جڑی ہوئی ہے اور امت کے دفاع کے لیے اس کا عزم بھی ہے، اسے یہ تسلیم کرنا چاہیے کہ اس کی فوج صرف ایک قومی اثاثہ نہیں بلکہ علاقائی توازن اور اجتماعی مسلم ڈیٹرینس کے لیے ایک ممکنہ قوت ہے۔ اگرچہ پاکستان جارحانہ جنگوں یا غیر منصفانہ مداخلتوں کی وکالت نہیں کر رہا، لیکن جدید ٹیکنالوجی، فوری ردعمل کی صلاحیتوں اور اسٹریٹجک اتحادوں کی پشت پناہی والی ایک مضبوط فوج کی موجودگی یہ پیغام دیتی ہے کہ کچھ ریڈ لائنز ہیں جنہیں نتائج کے بغیر عبور نہیں کیا جا سکتا۔

ایک اور اہم پہلو کئی عرب ممالک کے ساتھ اسرائیل کے بڑھتے ہوئے معمول کے تعلقات ہیں۔ ابراہم معاہدے اور اس کے بعد اسرائیل اور خلیجی ریاستوں کے درمیان دوطرفہ معاہدوں نے ایک بکھرا ہوا علاقائی ماحول پیدا کیا ہے جہاں اسرائیلی جارحیت کے خلاف اجتماعی عرب مزاحمت کمزور ہو رہی ہے۔ ایسے منظرنامے میں پاکستان کی فوجی آزادی اور بھی زیادہ اہم ہو جاتی ہے۔ چونکہ روایتی عرب طاقتیں اقتصادی اور اسٹریٹجک وجوہات کی بناء پر تل ابیب کے قریب ہو رہی ہیں تو انصاف کی وکالت کرنے اور مظلوموں کا دفاع کرنے کی اخلاقی اور فوجی ذمہ داری ان ممالک کی طرف منتقل ہو جاتی ہے جنہوں نے اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا ہے۔ پاکستان، اسرائیل کو تسلیم نہ کر کے اور فلسطین پر ایک مستقل موقف برقرار رکھ کر مسلم دنیا میں ایک منفرد اور اہم کھلاڑی بن جاتا ہے جس کی فوجی طاقت یہ یقینی بناتی ہے کہ اس کی آواز کا وزن ہے نہ صرف تقریروں میں بلکہ اسٹریٹجک مساوات میں بھی۔ علاقائی حرکیات کے علاوہ پاکستان کو تاریخ سے بھی سبق سیکھنا چاہیے۔ اکیسویں ویں صدی نے بار بار یہ دکھایا ہے کہ مضبوط فوج کے بغیر قومیں بیرونی جارحیت اور داخلی عدم استحکام دونوں کے لیے کمزور ہیں۔ عراق، لیبیا اور شام کو حکومتوں کی تبدیلی، انسداد دہشت گردی یا انسانی مداخلت کے بہانے نشانہ بنایا گیا۔ ان کی فوجی کمزوریوں نے غیر ملکی طاقتوں کو ان کے ریاستی ڈھانچوں کو ختم کرنے، ان کی قومی سالمیت کو تباہ کرنے اور انہیں سالوں کی افراتفری میں دھکیلنے کی اجازت دی۔ مضبوط قومی دفاعی ڈھانچوں کی عدم موجودگی نے انہیں آسان اہداف بنا دیا اور اس کے نتائج تباہ کن تھے۔ پاکستان کے لیے، جسے نہ صرف بھارت کی شکل میں مشرقی دشمن کا سامنا ہے بلکہ افغانستان، ایران اور وسطی ایشیا سے بھی پیچیدہ علاقائی چیلنجز کا سامنا ہے، ایک مزید مضبوط فوج کی ضرورت انتہائی اہم ہے۔ جوہری ڈیٹرینس کی اہمیت اگرچہ اہم ہے مگر یہ روایتی طاقت کا متبادل نہیں ہے۔ جوہری ہتھیار حتمی ڈیٹرینس ہیں، لیکن وہ روزمرہ کی حکمت عملیوں، سرحدی جھڑپوں، ہائبرڈ جنگ یا طاقت کے بین الاقوامی پروجیکشن میں قابل استعمال اوزار نہیں ہیں۔ آج کے جغرافیائی سیاسی ماحول میں جو زیادہ اہمیت رکھتی ہے وہ سرجیکل حملے کرنے، ڈرون اور میزائلوں سے فضائی حدود کا دفاع کرنے، سائبر خطرات کا مقابلہ کرنے، اطلاعاتی جنگ کا انتظام کرنے اور متعدد محاذوں پر روایتی تیاری کو برقرار رکھنے کی صلاحیت ہے۔ لہذا، پاکستان کو نہ صرف مقدار بلکہ معیار میں بھی سرمایہ کاری کرنی چاہیے اور خصوصی آپریشنز فورسز کی تربیت، مشترکہ کمانڈ ڈھانچوں کو بڑھانا، ڈیجیٹل نیٹ ورکس کو محفوظ بنانا اور اپنی مقامی دفاعی پیداوار کو فروغ دینا چاہیے تاکہ غیر ملکی سپلائرز پر انحصار کم ہو جو اس کے اسٹریٹجک مفادات کا اشتراک نہیں کر سکتے۔ مزید یہ کہ ایک مضبوط فوج قومی ہم آہنگی اور آفات سے نمٹنے میں ضروری کردار ادا کرتی ہے۔ سیلابوں، زلزلوں، وبائی امراض اور داخلی ہنگامی حالات کے وقت جب شہری ادارے ناکام ہو جاتے ہیں تو اکثر فوج ہی قدم بڑھاتی ہے۔ پاکستان آرمی کو مضبوط بنانا صرف جنگ کے بارے میں نہیں ہے

شوبز SHOWBIZ

دیپیکا پڈوکون کے پیچھے چلتے ہوئے رنبیر کپور اپنی کار بھول گئے

ملاقات کی کئی تصاویر اور ویڈیوز آن لائن سامنے آئیں، جنہیں دیکھ کر مداح بہت خوش ہوئے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار رنبیر کپور اور دیپیکا پڈوکون کی ممبئی ایئرپورٹ پر حالیہ ملاقات کے بعد ان کے ایک ساتھ سفر کرنے کی ویڈیو انٹرنیٹ پر وائرل ہو گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بالی ووڈ اداکار رنبیر کپور اور دیپیکا پڈوکون گزشتہ صبح ممبئی ایئرپورٹ پر ایک بار پھر ملے، ان کی ملاقات کی کئی تصاویر اور ویڈیوز آن لائن سامنے آئیں، جنہیں دیکھ کر مداح بہت خوش ہوئے، اب ایک اور ویڈیو وائرل ہوئی ہے جس میں دکھایا گیا ہے کہ ایئرپورٹ سے باہر نکلتے ہوئے رنبیر دیپیکا کے پیچھے چلتے ہوئے لگ بھگ اپنی گاڑی ہی بھول گئے۔ ایک فین پیج کی جانب سے شیئر کیے گئے ویڈیو کلپ میں رنبیر اور دیپیکا کو اپنے سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ ایئرپورٹ سے باہر نکلتے دیکھا جا سکتا ہے، جہاں دیپیکا آگے چل رہی تھیں جبکہ رنبیر ان کے بالکل پیچھے تھے، جیسے ہی رنبیر کے ڈرائیور نے ان کے لیے کار کا دروازہ کھولا۔

معروف اداکار ہمایوں سعید نے نوجوانی کی یادیں شیئر کر دیں

میں 18 سال کی عمر میں ایک لڑکی سے محبت کرتا تھا جو چچا کے محلے میں رہتی تھی



کراچی (این این آئی) معروف اداکار ہمایوں سعید نے نوجوانی کی یادیں شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ وہ ایک لڑکی کو پسند کرتے تھے، جسے خدا حافظ کہنے کے لیے وہ ٹرین میں سوار ہو گئے تھے۔ ہمایوں سعید نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 18 سال کی عمر میں وہ ایک لڑکی سے محبت کرتے تھے جو ان کے چچا کے محلے میں رہتی تھی، وہ لڑکی کو دیکھنے کے لیے چچا کے گھر ٹیوشن پڑھانے جاتے تھے اور ٹیوشن کے بعد چھت پر چڑھ کر اس کی ایک جھلک دیکھنے کی کوشش کرتے تھے۔ ان کے مطابق ایک دن چچا کو شک ہو گیا اور انہوں نے یہ بات ان کے والد کو بتا دی۔

ٹیم سے جھگڑا ہوا تو انہیں کھانے میں نیند کی گولیاں ملا کے کھلا دی تھیں

میں شوکر رہی تھی، ٹاک بیک میں کوئی بات بری لگ گئی تو میرا دماغ خراب ہو گیا،، فضاء علی

کراچی (این این آئی) ماڈل، اداکارہ و میزبان فضا علی نے انکشاف کیا ہے کہ ٹیم والوں کے ساتھ جھگڑا ہوا تو انہیں کھانے میں نیند کی گولیاں ملا کر کھلا دی تھیں۔ نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے اداکار نے بتایا کہ میں شوکر رہی تھی، ٹاک بیک میں کوئی بات بری لگ گئی تو میرا دماغ خراب ہو گیا۔ انہوں نے بتایا میں کھانا اچھا پکاتی ہوں تو سب لوگ ویسے ہی مجھ پر دباؤ ڈال رہے تھے کہ پائے پکا کر لاؤ، پائے پکانا سب سے مشکل ہوتا ہے۔ مجھے اتنا غصہ آیا ہوا تھا، بدلا لینا تھا تو پوری رات جاگ کر پائے پکائے اور گھر میں جو ادویات ملیں، نیند کی، درد کی، کھانسی کی وہ سب اور کچھ مزید خرید کر کھانے میں ڈال دیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ صرف ٹیم کیلئے تھی لیکن سیٹ پر موجود اور لوگ بھی وہ کھانا کھانے آ گئے تھے، بعد میں احساس ہوا کہ یہ کافی خطرناک مذاق تھا۔

کبری نے شادی کی پہلی پیشکش ٹھکرا دی تھی، گوہر رشید کا انکشاف

اہلیہ کے زندگی میں آنے کے بعد میں ایک بہتر انسان بن گیا ہوں، اداکار



کراچی (این این آئی) اداکار گوہر رشید نے انکشاف کیا ہے کہ جب پہلی بار اہلیہ کبری خان کو شادی کی پیشکش کی تھی تو انہوں نے انکار کر دیا تھا۔ ویب شو کو انٹرویو میں گوہر رشید نے کہا کہ میرے خیال میں انسان کو شادی اس وقت کرنی چاہیے جب اس کا دل تمام دنیاوی خواہشات سے بھر جائے کیونکہ شادی ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے اور اس رشتے کو انسان کی پوری توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اداکار نے کہا کہ میں والدین کو بھی ایک مشورہ دوں گا کہ جس طرح وہ اپنی اولاد کو باقی دنیاوی چیزوں جیسے تعلیم، نوکری اور اخلاقیات کے بارے میں سمجھاتے ہیں بالکل اسی طرح خاص طور پر بیٹیوں کی تربیت کرتے ہوئے انہیں شادی کی ذمہ داریوں کے بارے میں بتا کر پہلے سے تیار کریں۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے معاشرے کا المیہ یہ ہے کہ ہمیں شادی کے بارے میں صرف یہ بتایا جاتا ہے کہ آپ کو نکاح نامے پر دستخط کرنے ہیں۔

انڈسٹری میں شروعات میں رنگت اور باڈی شیمنگ کا سامنا رہا، رومیسہ خان

کراچی (این این آئی) اداکارہ رومیسہ خان نے انکشاف کیا ہے کہ ابتدائی دنوں میں انڈسٹری میں رنگت اور باڈی شیمنگ کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے رومیسا نے کہا کہ اپنے آپ کو ٹی وی پر دیکھتی ہوں تو کہتی ہوں کہ میں چبی آ رہی ہوں میرا چہرا بہت چبی آ رہا ہے لیکن کوئی کچھ نہیں کہتا۔ انہوں نے بتایا کہ لیکن جب میں انڈسٹری میں نئی نئی آئی تھی تو لوگ میری رنگت کو لے کر باتیں بناتے تھے۔ ایک دو بار تو مجھے وزن کم کے لیے بھی کہا گیا۔ اداکارہ نے کہا کہ سیٹ پر ہنسی مذاق میں سب کچھ کہہ دیا جاتا ہے۔

فلم دیمک کے پریمیئر شو کی کینیڈا میں پذیرائی، فلم ٹرینڈ سیٹر قرار

اودو کول (این این آئی) جیو فلمز کے اشتراک سے بننے والی فلم دیمک کا کینیڈا میں پریمیئر ہوا جسے دیکھنے والوں نے خوب سراہا۔ جیو فلمز کے اشتراک سے بننے والی ہارر فلم دیمک کا پریمیئر کینیڈا کے شہر اوو کول میں میں ہوا جس میں شائقینِ فلم نے اسے ایک ٹرینڈ سیٹر قرار دیا جبکہ فلم بینوں نے فلم کے ٹیم ممبرز کے ساتھ تصاویر بھی لیں۔ ٹورنٹو اور کینیڈا کے دیگر شہروں سے پاکستانی کمیونٹی کی کثیر تعداد سینما ہال پہنچی اور فلم پروڈیوسر مراد علی، ڈائریکٹر رافع راشدی، اداکارہ ثمن انصاری اور پریمیئر آرگنائزر فہیم حامد علی کی کاوش کو سراہا۔ پریمیئر میں پاکستانی نژاد کینیڈین سینیٹر سلمیٰ عطاءاللہ جان اور کمیونٹی رہنماں نے بھی شرکت کی۔

شعیب ملک اور ثنا جاوید کے درمیان طلاق کی افواہیں، حقیقت سامنے آ گئی

پوسٹ کی کیپشن میں شعیب نے لکھا کہ انکے ساتھ وقت گزارنا ہمیشہ اچھا رہا ہے



لاہور (این این آئی) سابق کرکٹر شعیب ملک اور معروف اداکارہ ثنا جاوید کے درمیان طلاق کی افواہیں دم توڑ گئیں۔ سابق کرکٹر شعیب ملک اور ثنا جاوید اپنی کچھ پوسٹوں میں الگ الگ نظر آئے، جس نے انکے درمیان طلاق کی افواہوں کو تقویت دی۔ تاہم شعیب ملک کی جانب سے اہلیہ کیساتھ ایک پوسٹ سامنے آئی جس نے تمام افواہوں کو غلط ثابت کر دیا، پوسٹ کی کیپشن میں شعیب نے لکھا کہ انکے ساتھ وقت گزارنا ہمیشہ اچھا رہا ہے۔ انکی پوسٹ پر مداحوں کی جانب سے جوڑی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا جا رہا ہے، شعیب ملک اور ثنا جاوید کی شادی گزشتہ برس ہی ہوئی تھی۔

ادا کارہ ماہرہ خان کا کراچی کی حالت زار پر افسوس کا اظہار

بعض علاقوں میں گھنٹوں بجلی غائب رہتی ہے اور گندگی ہفتوں صاف نہیں کی جاتی، اداکارہ



کراچی (این این آئی) نامور پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان نے کراچی کی حالت زار پر افسوس کا اظہار کر دیا۔ ماہرہ خان نے انسٹاگرام پر کراچی کے مختلف علاقوں کی تصاویر شیئر کی جس کے ساتھ انہوں نے اپنے پیغام میں لکھا کہ کبھی کبھی میں اپنے شہر کو دیکھ کر حیران رہ جاتی ہوں۔ مجھے اپنے کام کے سلسلے میں ایسی جگہوں پر جانے کا موقع ملتا ہے جہاں شاید میں کبھی خود سے نہ جا پاتی۔ مجھے ایسی گلیاں اور بستیاں دیکھنے کا موقع ملا جنہیں میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اداکارہ نے لکھا کہ ہم سب اپنی چھوٹی سی دنیا میں رہتے ہیں۔ پریشانیاں سب کو ہوتی ہیں۔

SPORTS سپورٹس

امریکی شطرنج چیمپئین کے ہاتھوں بھارتی چیمپئین کی تذلیل

میچ کے اختتام پر ناکامورا نے گکیش کی بساط سے 'بادشاہ' کو اٹھا کر تماشائیوں کی جانب پھینک دیا'

واشنگٹن (این این آئی) بین الاقوامی شطرنج کے حال ہی میں ہونے والے چیک میٹ ٹورنامنٹ میں امریکی شطرنج چیمپئین ہیکاروُ ناکامورا نے بھارت کے عالمی چیمپئین ڈی گکیش کو اپنے شاندار کھیل سے شکست دے دی۔ میچ کے اختتام پر ناکامورا نے گکیش کی بساط سے 'بادشاہ' کو اٹھا کر تماشائیوں کی جانب پھ

بھارت کے کسی بھی ایڈونچر کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا، وزیر دفاع

بھارت عالمی سطح پر تنہا ہو رہا ہے اور پاکستان کو مختلف ممالک کی طرف سے پذیرائی مل رہی ہے، خواجہ آصف

پاکستان کبھی اسرائیل کو تسلیم نہیں کرے گا، تعلقات بہت دور کی بات ہے، غزہ میں جس دن امن ہوا نیتن یاہو کی اینڈ گیم اسٹارٹ ہوگی

سلام آباد (این ای این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بھارت کی طرف سے کسی قسم کے ایڈونچر کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جا سکتا لیکن جو بھارت کو نقصان پہنچے گا اس متعلق یہ ضرور سوچیں گے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ سیاسی طور پر بھارت میں بہت زیادہ نقصان ہو رہا ہے، ہم نے بھارت کو جو نقصان پہنچانا تھا پہنچا دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے عوام ان سے پوچھ رہے ہیں ملک کے ساتھ کیا کیا ہے؟ بھارت عالمی سطح پر تنہا ہو رہا ہے اور پاکستان کو مختلف ممالک کی (بقیہ نمبر 28)

گورنر سندھ کامران ٹیسوری الیکٹرک وہیکلز کی افتتاحی تقریب میں میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

پاک سعودی تاریخی دفاعی معاہدے کے بعد ایک اور بڑی پیشرفت

اعلیٰ سطح پر کمیٹی قائم، وزیر اعظم نے وفاقی وزرا اور دیگر اہم شخصیات پر کمیٹی تشکیل دے دی، نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

پاکستان مذاکرات میں سعودی عرب سے تیل اور زراعت کے شعبوں میں بائے بیک سرمایہ کاری کی تجدید درخواست کرے گا، ذرائع

اسلام آباد (سی این پی) وفاقی حکومت نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حال ہی میں طے پانے والے تاریخی دفاعی معاہدے کے بعد اقتصادی تعلقات کو نئی جہت دینے کیلئے اٹھارہ ارکان پر مشتمل ایک اعلیٰ سطح کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے تشکیل دی جانے والی 18 رکنی اعلیٰ سطح کی کمیٹی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، یہ کمیٹی دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی مذاکرات کی قیادت کرے گی۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے یہ اعلیٰ سطح کی کمیٹی قائم کی ہے، (بقیہ نمبر 44)

بھارتی فوج نے درندگی کی انتہا کر دی

تھر میں سرحد پار کرنے پر 8 بکریاں ہلاک، 54 کی ٹانگیں توڑ دیں

تھر پارکر / کراچی (این این آئی) بھارتی فوج نے درندگی کی انتہا کر دی، تھر پارکر کے قریب بھارتی فورسز نے سرحدی گاں سنورانی میں سرحد پار کرنے پر 8 بکریاں ہلاک کر دیں اور درجنوں کی ٹانگیں توڑ دیں۔ تفصیلات کے مطابق بھارتی فوج نے تھر پارکر کے قریب سرحدی گاں سنورانی میں سرحد پار کرنے پر 8 بکریاں ہلاک کر دیں اور 54 (بقیہ نمبر 29)

نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال نواحی گاؤں میں کاشتکاروں میں مفت کینولہ بیج تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی قومی ایجنڈے پر حکومت سے مذاکرات کو تیار ہے، اسد قیصر

اسلام آباد (این ای این) پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے پارٹی میں بیان بازی کو افسوسناک قرار دیدیا۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہا بانی تحریک انصاف کی بہنوں کے کوئی سیاسی عزائم نہیں، بانی کی بہنیں اپنے بھائی کی رہائی کیلئے جدوجہد کر رہی ہیں، ان سے متعلق گفتگو میں سب کو احتیاط برتنی چاہیے، اس وقت برداشت (بقیہ نمبر 30)

اساتذہ کا عالمی دن، علم کے معماروں کو خراج تحسین پیش

ایک مضبوط قوم کی بنیاد ایک محنتی اور باکردار استاد ہی رکھتا ہے

کشمور (نامہ نگار) اساتذہ کا عالمی دن، علم کے معماروں کو خراجِ تحسین، کشمور کندھ کوٹ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی آج اساتذہ کا عالمی دن عقیدت احترام اور جوش و جذبے سے منایا جا رہا ہے یہ دن ان عظیم شخصیات کے نام منسوب ہے جو قوم کے مستقبل کو سنوارنے اور معاشرے کو جہالت کے اندھیروں سے نکالنے میں بنیادی کردار ادا (بقیہ نمبر 40)

کشمور پولیس کی کارروائی چار موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز برآمد

برآمد شدہ سامان کی تصدیق کے بعد وہ اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا

کشمور (نامہ نگار) کشمور پولیس کی کامیاب کارروائی چار موٹر سائیکلیں اور پانچ موبائل فونز برآمد، ڈسٹرکٹ کشمور کندہ کوٹ پولیس نے شاندار کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ چار موٹر سائیکلیں اور پانچ موبائل فونز برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر دیے تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگھرو کی خصوصی ہدایات پر ایس ڈی پی او کندھکوٹ فراز علی میتلو کی نگرانی میں انچارج سی سیکشن تھانہ کندھکوٹ علی نواز (بقیہ نمبر 41)

پی این ایس سی کی جانب سے لیاری میں منعقدہ فری میڈیکل کیمپ میں مریضوں کا چیک اپ کیا جا رہا ہے

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 5 گرفتار، شراب و اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 5 افراد کو حراست میں لے لیا، جن کے قبضہ سے 8 لیٹر شراب اور مختلف بور کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کارروائیاں تھانہ صادق آباد، ٹیکسلا، گوجر خان اور مندرہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ اور منشیات رکھنے والے افراد کے خلاف کڑی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

راولپنڈی: قمار بازوں سے برآمد ہونے والی داؤ پر لگی رقم، موبائل فون اور تاش کے پتے

فلڈ سروے پورے جذبے اور تندہی سے جاری ہے، مریم اورنگزیب

27 اضلاع میں 2233 سروے ٹیمیں گھر گھر جا کر متاثرین کا ڈیٹا اکٹھا کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے فلڈ سروے پورے جذبے اور تندہی سے جاری ہے۔ 27 اضلاع میں 2233 سروے ٹیمیں گھر گھر جا کر متاثرین کا ڈیٹا اکٹھا کر رہی ہیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کے مطابق اب (بقیہ نمبر 45)

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی راہ ہموار، مارچ یا اپریل 2026 میں بلدیاتی الیکشن متوقع

چکوال (این این آئی) الیکشن کمیشن کے سخت نوٹس پر پنجاب حکومت نے بلدیاتی انتخابات کرانے کا اصولی فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی نے بلدیاتی بل کی منظوری دے دی ہے، جس کے تحت بلدیاتی ایکٹ 2025 آئندہ اجلاس میں منظور کرایا جائے گا۔ منظوری کے بعد مارچ یا اپریل 2026 میں انتخابات متوقع ہیں، کیونکہ حلقہ بندیاں کرانے کے (بقیہ نمبر 46)

چوہدری شافع کا بھارت کو کبڈی کا چیلنج

آئندہ سال ملائیشیاء میں کبڈی ورلڈ کپ کرائیں گے، صدر پاکستان کبڈی فیڈریشن

لاہور (این ای این) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے صدر و صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے بھارت کو کبڈی کے میدان میں کھیلنے کا چیلنج دے دیا۔ لاہور میں نیشنل کبڈی چمپئن شپ کے فائنل کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں چوہدری شافع حسین نے کہا کہ بھارت ہمیشہ کھیلوں میں سیاست لے آتا ہے۔ بھارت کو کبڈی کے میدان میں کھیلنے کا چیلنج کرتے ہیں، کھیل امن اور محبت کا پیغام ہے مگر بھارتیوں پر جنگی جنون سوار ہے۔ (بقیہ نمبر 49)

طوفانی بارش سے گھر کی چھت گرنے سے خاتون جاں بحق

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ کے علاقے رحمان پورہ مشن کالونی میں طوفانی بارش سے گھر کی چھت گرنے سے خاتون جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے۔ چھت گرنے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے امدادی کارروائی کرتے ہوئے 30 سالہ رابعہ کی لاش کو ملبے کے نیچے نکالا۔ بتایا گیا ہے کہ محنت کش شوکت طوفانی بارش کے دوران چھت پر مٹی ڈال رہا تھا کہ اچانک چھت نیچے آ گری جس کے نتیجہ (بقیہ نمبر 31)

5 سال قبل مرنے والے شخص کیخلاف درج، تفتیشی افسر معطل

جھنگ (این این آئی) جھنگ میں شادی میں آتشبازی کا مقدمہ 5 سال قبل مرنے والے شخص کے خلاف درج کر لیا گیا۔ ڈی پی او جھنگ نے اس حوالے سے تھانہ گڑھ مہاراجہ کے تفتیشی افسر کو معطل کر دیا ہے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ گرفتار 2 ملزمان نے رپورٹ کے اندراج کے وقت غلط معلومات فراہم کی تھیں جس پر مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بٹ کوائن کا نیا ریکارڈ، قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

اگست میں پہلی بار ایک لاکھ 24 ہزار 500 کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی تھی

نیویارک (این این آئی) بٹ کوائن نے اتوار کو ایک نیا ریکارڈ قائم کیا اور ڈیجیٹل کرنسی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح ایک لاکھ 25 ہزار ڈالر کی حد عبور کر گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دنیا کی سب سے بڑی کرپٹو کرنسی کی قیمت اگست میں پہلی (بقیہ نمبر 32)

دہشتگردوں کا کورکی میں قبائل پر حملہ، جھڑپ میں 4 دہشتگرد ہلاک

کلی آدم زئی کورکی خواتین نے قرآن کا واسطہ دیکر دہشتگردوں کو جانے کیلئے بھی کہا،

کورکی / اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے علاقے کورکی میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے پرامن لوگوں پر حملہ کر دیا، دہشتگردوں اور قبائل میں جھڑپ کے دوران 4 دہشت گرد ہلاک اور 2 زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے علاقے کورکی میں مقامی قبائل کے اصرار کے باوجود دہشتگردوں نے (بقیہ نمبر 33)

اسرائیلی فورسز کے بے رحمانہ حملے جاری، مزید 19 فلسطینی شہید

اسرائیلی فورسز کی مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپہ مار کارروائیوں میں 13 فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا

امن مذاکرات قریب آنے کے باوجود زمینی حالات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی

غزہ (این این آئی) قابض اسرائیلی فورسز کے غزہ میں دن بھر ہونے والی شہادتوں کی تعداد 19 تک پہنچ گئی ہے۔ قطر کے نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فورسز نے نہتے شہریوں کو خیموں، پناہ گزین کیمپوں اور اسکولز میں نشانہ بنایا، جب کہ امداد کے متلاشی 2 افراد کو بھی شہید کیا گیا۔ فلسطینی وزارتِ صحت کے مطابق مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر بیت لحم کے مشرق میں بیت ساحور کے قریب اسرائیلی افواج کی فائرنگ سے 7 افراد زخمی ہوئے، جن میں سے 2 افراد کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں بھوک کے باعث ایک اور شہادت واقع ہوئی ہے، جس کے بعد جنگ کے دوران غذائی قلت سے شہید ہونے والوں کی کل تعداد 460 ہو گئی ہے، جن میں 154 بچے شامل ہیں۔

پاکستان کی حالیہ سفارتی کامیابیاں مستقبل کی امیدیں اور دفاعی حکمت عملی کے عنوان سے مباحثے میں شرکت کے بعد سابق مشیر قومی سلامتی جنرل (ر) ناصر خان جنجوعہ ریئر ایڈمرل (ر) نوید احمد رضوی، (ر) واکس ائیر مارشل ساجد حبیب، ڈاکٹر نوید الٰہی میجر (ر) شہزاد نیئر، صفدر علی خاں اور دیگر کا گروپ فوٹو

18 اضلاع میں فضائی معیار کے اعداد و شمار کا تجزیہ مکمل

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر صوبے میں خودکار سموگ مانیٹرنگ سسٹم اور جدید ٹیکنالوجی سے لیس سموگ ایکشن پلان نافذ کیا گیا' مریم اورنگزیب

سموگ کے خلاف پنجاب حکومت کا مشن صاف، صحت مند اور سرسبز پنجاب ہے، اور یہ مقصد عوام کے تعاون سے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے

لاہور (این ای این) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پنجاب کے پہلے خودکار سموگ نگرانی اور پیشگوئی نظام کے تحت گزشتہ روز صبح لاہور کا فضائی معیار معتدل ریکارڈ کیا گیا۔ صبح 4 بجے ہونے والی بارش کے بعد لاہور کا اوسط اے کیو آئی 62 رہا، جو معتدل زمرے میں آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اپنے روزمرہ معمولات بخیر انجام دے سکتے ہیں کیونکہ ایئر کوالٹی میں نمایاں بہتری دیکھی گئی ہے۔ سینئر صوبائی وزیر نے بتایا کہ صبح 8 بجے سورج نکلنے اور درجہ حرارت بڑھنے (بقیہ نمبر 47)

طوفانی بارش میں گرنے والی خستہ حال چھت، حادثے میں ایک خاتون جاں بحق، دو افراد زخمی ہوئے

اسرائیل کو تسلیم کرنے کا سوچا تو حکمرانوں کا نان نفقہ بند کر دینگے، حافظ نعیم

شاہراہ فیصل پر جماعت اسلامی کے غزہ ملین مارچ میں عوام کا جم غفیر امڈ آیا

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی کے تحت شاہراہ فیصل پر عظیم الشان غزہ ملین مارچ کا انعقاد کیا گیا جس میں خواتین اور بچوں سمیت عوام کا سمندر امڈ آیا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے غزہ ملین مارچ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے متنبہ (بقیہ نمبر 48)

ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، پتنگ سپلائر گرفتار، 50 پتنگیں اور 3 ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ سپلائر کو گرفتار کر کے 50 پتنگیں اور 3 ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ پتنگ بازی ناقابلِ ضمانت جرم ہے اور اس خونی کھیل میں ملوث افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔

مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے

حکومت ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے دن رات کوشاں ہے، فرح ناز اکبر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر و رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و پروفیشنل ٹریننگ و قومی ورثہ فرح ناز اکبر نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کی تمام سیاسی جماعتوں سے ملکر ملک کو بحرانوں سے نکالنا چاہتی ہے اس وقت ملک محاذ آرائی نہیں بلکہ اتحاد سے ہی آگے بڑھ سکتا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت ملک کو (بقیہ نمبر 50)

لاہور: بھارت کی جانب سے دوبارہ پانی چھوڑے جانے کی میڈیا رپورٹس کے بعد شہری دریائے راوی میں پانی کا بہاؤ دیکھنے کیلئے جمع ہیں

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، 17 گرفتار، منشیات و اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس دوران چھ اشتہاری مجرمان سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کیا گیا۔ پولیس نے کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضہ سے 761 گرام آئس، سات عدد مختلف بور کے پستول اور ایمونیشن برآمد کیا۔ ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی۔

صدر ڈویژن راولپنڈی پولیس کی کامیاب کارروائیاں

تین منشیات فروش گرفتار، ساڑھے چار کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) صدر ڈویژن پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے تین منشیات سپلائرز کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضہ سے ساڑھے چار کلوگرام سے زائد چرس برآمد کی۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے ایک شخص سے 1 کلو 700 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ایک شخص سے 1 کلو 636 گرام چرس جبکہ جاتلی پولیس نے ایک شخص سے 1 کلو 600 گرام چرس برآمد کی۔ تمام ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

راولپنڈی: تھانہ دویمن پولیس کی کارروائی، زیر حراست گھریلو ملزمہ اور اس کی والدہ سے برآمد ہونے والا مسروقہ طلائی لاکٹ اور رقم۔

روزویلٹ ہوٹل کو گرا کر کثیر المنزلہ عمارت تعمیر کرنے پر غور

تاریخی عمارت کو مسمار کر کے اس کی جگہ فلک بوس عمارت تعمیر کرنے کا آپشن ہے' مشیر برائے نجکاری

حکومت ایک ایسے جوائنٹ وینچر کی خواہاں ہے جس میں پاکستان زمین کی فراہمی، پارٹنر سرمایہ لائے گا، محمد علی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) امریکی خبر رساں ادارے بلومبرگ نے رپورٹ کیا ہے کہ پاکستان نیویارک شہر میں واقع روزویلٹ ہوٹل کے حوالے سے مختلف آپشنز پر غور کر رہا ہے جن میں عمارت کو گرانا بھی شامل ہے۔ یہ اقدام پاکستان کی جانب سے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کی کوششوں کا حصہ ہے۔ سابق امریکی صدر تھیوڈور روزویلٹ کے نام سے منسوب یہ سو (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

پولیس کے 400 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 400 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 400 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، تھانوں (بقیہ نمبر 35)

چکوال میں خوفناک ٹریفک حادثہ، دو افراد جاں بحق

چکوال (این این آئی) موٹروے M2 بھٹی گجر کے قریب مزداوین اور ٹرک کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ریسکیو 1122 کو اطلاع ملتے ہی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ طبی معائنے کے بعد معلوم ہوا کہ دونوں افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 53 سالہ (بقیہ نمبر 36)

تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 13 ملزمان گرفتار

داؤ پر لگی رقم 15 ہزار 360 روپے، 9 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 13 ملزمان گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 15 ہزار 360 روپے، 9 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق چکلالہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو حراست میں لیکر داؤ پر لگی رقم 10 ہزار روپے، 4 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کیے، تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 6 ملزمان کو حراست میں لیکر داؤ پر لگی (بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، منشیات سپلائر کو 9 سال قید

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم راشد لطیف کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ مجرم سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ ٹیکسلا پولیس نے دسمبر 2023 میں گرفتار کیا تھا۔ ٹھوس شواہد اور موثر پیروی کے پیش نظر عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔

گھر سے طلائی زیوارت چرانے والی گھریلو ملازمہ والدہ سمیت گرفتار

طلائی لاکٹ اور زیورات کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 7 ہزار روپے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ دویمن پولیس نے گھر سے طلائی زیوارت چرانے والی گھریلو ملازمہ اپنی والدہ سمیت گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ دویمن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گھر سے طلائی زیوارت چرانے والی گھریلو ملازمہ اپنی والدہ سمیت گرفتار کر لی، 2 لاکھ سے زائد مالیت کا طلائی لاکٹ اور زیورات کی فروخت سے حاصل (بقیہ نمبر 38)

بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی 73 ویں سالگرہ منائی گئی

سالگرہ کی مناسبت سے کیک کاٹنے کی تقریبات کا اہتمام، عمران خان کی رہائی

لاہور / پشاور / گوجرانوالہ / فیصل آباد / سیالکوٹ (این این آئی) بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی 73 ویں سالگرہ منائی گئی۔ لاہور سمیت ملک بھر میں پی ٹی آئی کے رہنماؤں اور کارکنان کی جانب سے بانی چیئرمین عمران خان کی سالگرہ کی مناسبت سے کیک کاٹنے کی تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس میں شرکاء نے عمران خان کی رہائی اور درازی عمر کے لئے خصوصی دعائیں کیں۔ عمران خان کی سالگرہ کے موقع پر پی ٹی آئی لیبر ونگ کے مرکزی صدر رانا عبدالسمیع خاں کی رہائشگاہ پر کیک کاٹنے کی تقریب (بقیہ نمبر 43)

بھارت نے اگر دوبارہ حملے کی کوشش کی تو اسکور پہلے سے بہتر ہوگا

اس دفعہ بھارت ان شاءاللہ اپنے طیاروں کے ملبے میں دفن ہوگا، سعد رفیق

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ حالیہ فیصلہ کن شکست (سکور 6 - 0) کے بعد اگر بھارت دوبارہ کوشش کرے گا تو اسکور ان شاءاللہ پہلے سے کہیں بہتر ہوگا، پاکستان ایک اللہ کے نام پر بنی ریاست ہے اور ہمارے محافظ اللہ کے سپاہی ہیں۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں سعد رفیق نے بھارت کے خلاف (بقیہ نمبر 42)

لاہور: ایک خاتون سٹالز پر پرانی کتابیں دیکھ رہی ہے۔

حکومت نے ملکی مسائل کے حل کا پختہ تہیہ کر رکھا ہے، شاہدہ قدیر

پاکستان کو معاشی بدحالی کا شکار کرنے والی پی ٹی آئی کو ملکی خوشحالی برداشت نہیں ہو رہی

اسلام آباد (سی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سینئر رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان دفاعی لحاظ سے دنیا میں اپنا لوہا منوا رہا ہے، بھارت کے خلاف میں فتح مسلم لیگ (ن) کی حکومت اور پاک فوج کا بڑا کارنامہ ہے اور پاک سعودیہ دفاعی معاہدے کو خوش آئند ہے اب امت مسلمہ اور تمام مسلم ممالک کو فی الفور آپس میں اتحاد و اتفاق پیدا کریں۔

چین کو گدھوں کی کھالوں کی برآمد کی اجازت، تیاریاں مکمل

جولائی 2024 میں گدھوں کی کھالوں اور گوشت کی چین کو برآمد کے لیے پروٹوکولز حتمی طور پر طے پا چکے ہیں، صوبائی عہدیدار

گوشت اور کھالیں بین الاقوامی معیار کے مطابق پراسیس کی جائیں گی اور بعد ازاں چین کو برآمد کی جائیں گی، رپورٹ

گوادر (سی این پی) حکومت پاکستان کی جانب سے چین کو گدھوں کی کھالوں کی برآمد پر عائد پابندی باضابطہ طور پر ہٹائے جانے کے بعد، چینی دواساز کمپنی ''ہینگنگ ٹریڈنگ انٹرپرائز'' کو گوادر نارتھ فری زون میں پاکستان کے پہلے گدھا ذبح خانے کے قیام کے لیے حتمی معائنہ کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق چین کے جنرل ایڈمنسٹریشن آف کسٹمز نے پہلے ہی ''ہینگنگ'' کے طریقہ کار اور قوانین کے مطابق عمل درآمد کی منظوری کیلئے آن لائن معائنہ مکمل کر لیا ہے۔ بلوچستان حکومت کے ایک عہدیدار نے گوادر پرو کو بتایا کہ (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی، 6 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو حراست میں لے کر 25 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ دھمیال اور رتہ امرال کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

پارٹی پنجاب کے جنرل سیکرٹری شعیب صدیقی، صدر لاہور ملک زمان نصیب اور دیگر وفاقی وزیر و صدر استحکام پاکستان کا کیک کاٹ رہے ہیں

بلوچستان میں قیام امن ترقی کیلئے کردار ادا کرنے کو تیار ہوں، شجاعت حسین

ذاتی مفادات پر قومی مفادات کو ترجیح، پاکستان کا جو بہترین تشخص ابھرا اسے ذاتی مفادات، سیاست کی بھینٹ نہ چڑھایا جائے

صدر مسلم لیگ (ق) سے پارٹی کے سینئر رہنماؤں کی ملاقات، پارٹی کے تنظیمی امور اور ملک کی مجموعی صورتحال پر بات چیت کی گئی

لاہور (سی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے صدر چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ ذاتی مفادات پر قومی مفادات کو ترجیح دیں، پاکستان کا جو بہترین تشخص ابھرا ہے اسے ذاتی مفادات اور سیاست کی بھینٹ نہ چڑھایا جائے۔ چوہدری شجاعت حسین سے پارٹی کے سینئر رہنماؤں نے ملاقات کی جس میں پارٹی کے تنظیمی امور اور ملک کی مجموعی صورتحال پر بات چیت کی گئی۔ پارٹی ترجمان مصطفیٰ ملک نے موجودہ صورتحال پر بریفنگ دی۔ ملاقات کرنے والے سینئر رہنماؤں (بقیہ نمبر 51)

نیت صاف ہو تو عہدوں کی ضرورت نہیں ہوتی، ہمایوں اختر

کسی دوسرے کے کام کا کریڈٹ لیں گے نہ کسی کو اپنے کام کا کریڈٹ لینے دینگے

لاہور (سی این پی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ عوام کیلئے پینے کے صاف پانی کی فراہمی کا منصوبہ حاصل کرنے کیلئے ہر ممکن جدوجہد کر رہے ہیں، نیت صاف ہو تو عہدوں کی ضرورت نہیں ہوتی، ہم ہرگز کسی دوسرے کے کام کا کریڈٹ نہیں لیں گے لیکن کسی کو اپنے کام کا کریڈٹ لینے بھی نہیں دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے علاقہ چک نمبر 551 بازار والا، چک نمبر 541 گ ب میں سردارے کے ترحانہ میں بجلی کے وولٹیج کے دیرینہ مسئلہ کے حل کیلئے 100KV کے نئے ٹرانسفارمر کی تنصیب، چک نمبر 507 گ ب میں بجلی کے کھمبوں اور بجلی کی تاروں کے دیرینہ مسئلہ کے حل ہونے (بقیہ نمبر 52)

فیصل آباد۔ کمشنر راجہ جہانگیر انور محکمہ جنگلات اور زراعت کی کارکردگی کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کمشنر فیصل آباد راجہ جہانگیر انور کی زیر صدارت محکمہ لائیو سٹاک کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر فیصل آباد راجہ جہانگیر انور کی زیر صدارت محکمہ لائیو سٹاک کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈائریکٹر لائیو سٹاک سید ندیم بدر سمیت